ABC CERTIFEID

وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیرالاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 بدھ 7 اکتوبر 2026ء 23 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے شمارہ نمبر 33

فون: 0333-5196088 Email:sheharnama@gmail.com Web:www.sheharnama.com

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ"

ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں

Epaper

www.dailysheharnama.com

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے

شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں

http://www

پی ٹی آئی لانگ مارچ میں رکاوٹیں نہ ڈالی جائیں، فضل الرحمان

حکومت نے مذاکرات کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی

پی ٹی آئی اگر اسلام آباد آنا چاہتی تو رکاوٹیں نہیں ڈالنی چاہیے، کوئی ایسا ایجنڈا اتیار کیا جائے جس سے ملکی سیاست میں میانہ روی آجائے، سربراہ جے یو آئی

ہر انسان مہنگائی سے تنگ ہے، سیاسی لوگ جب بیٹھتے ہیں تو وقت دیتے ہیں،، ان میں لچک ہوتی ہے، وہ راستہ نکالتے ہیں، علامہ ناصر عباس

جمہوری لوگ مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں، ایسے مذاکرات رکھے جائیں جس میں کچھ آپ مان جائیں کچھ ہم مان جائیں تو بہتری ہوگی، مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (راجہ جاوید سے) اپوزیشن اتحاد نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی، دونوں نے تحریک انصاف کے احتجاج کے معاملے پر آل پارٹیز کانفرنس فوری بلانے کا فیصلہ کیا ہے، فضل الرحمان نے کہا کہ حکومت نے جو رویہ اختیار کیا اس نے مذاکرات کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی، پی ٹی آئی اگر اسلام آباد آنا چاہتی ہے تو رکاوٹیں نہیں ڈالنی چاہیں شہرنامہ نیوز کے مطابق سربراہ جے یو آئی کے گھر علامہ راجا ناصر عباس اور اسد قیصر پہنچے ہیں جن کی مولانا سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں مولانا عبدالغفور حیدری، مولانا لطف الرحمان، محمد اسلم غوری، سینیٹر کامران مرتضی، اخونزادہ حسین جے یو آئی خیبر پختونخوا اسمبلی کے پارلیمانی لیڈر مولانا لطف الرحمان بھی شریک تھے۔ ملاقات میں سیاسی معاملات پر بات چیت ہوئی، حکومت کے خلاف احتجاج تحریک پر بات کی گئی۔ ملاقات کے بعد اپوزیشن اتحاد اور مولانا فضل الرحمان نے مشترکہ پریس کانفرنس کیمولانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، صدر آصف زرداری سے سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کا فتح-4 توسیعی ورژن کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

کامیاب تجربے کا مشاہدہ پاک فوج کے سینئر افسران، سائنس دانوں اور میزائل تیار کرنے والے ادارے کے انجینئرز نے کیا

صدر آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور تینوں سروسز چیفس کی قوم کو مبارک باد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے مقامی طور پر تیار کردہ فتح-4 گراؤنڈ لانچڈ کروز میزائل کے توسیعی ورژن کا کامیاب تجربہ کر لیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فتح-4 توسیعی ورژن جدید ایویونکس اور جدید ترین نیوی گیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

فتح 4 میزائل کا کامیاب تجربہ، اسپیکر کی فورسز اور قوم کو مبارکباد

پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں اور ملکی دفاعی ٹیکنالوجی میں اہم پیش رفت ہے، ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مقامی طور پر تیار کیے گئے فتح-4 گراؤنڈ لانچڈ کروز میزائل کے توسیع شدہ ورژن کے کامیاب تجربے پر قوم، مسلح افواج، سائنس دانوں اور انجینئرز کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ فتح-4 کے توسیع شدہ ورژن کا کامیاب تجربہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں اور ملکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ہمارے خلاف اپنی سرزمین استعمال نہ ہونے دیں، ایران کی خلیجی ممالک کو وارننگ

تہران (آئی این پی) ایران نے بحرین سمیت خطے کے دیگر ممالک کو خبردار کیا ہے کہ وہ اپنی سرزمین، فوجی اڈے یا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف آزاد کشمیر کونسل کے نومنتخب عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

لانگ مارچ نہیں ہونے دینگے

احتجاج اور دھرنے ختم کریں دروازے کھلے ہیں وزیراعظم کی پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیشکش

ایک جانب ملک ترقی کی راہ پر گامزن تو دوسری جانب احتجاج کے باعث برآمدات، درآمدات اور مینوفیکچرنگ سیکٹرز شدید متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے

مارچ اور دھرنوں کے خاتمے کے بعد ہی بات چیت کا عمل ممکن ہو سکے گا، ڈھائی سال کی انتھک محنت کے نتیجے میں ملکی معیشت کو مستحکم کیا گیا، شہباز شریف کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے پی ٹی آئی کو مذاکرات کی مشروط دعوت دے دی۔ وفاقی دارالحکومت میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان تحریک انصاف کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ مارچ اور دھرنوں کے خاتمے کے بعد ہی بات چیت کا عمل ممکن ہو سکے گا وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ڈھائی سال کی انتھک محنت اور ٹیم ورک کے نتیجے میں ملکی معیشت کو مستحکم کیا گیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بڑی مشکل سے حاصل ہونے والا میکرو اکنامک استحکام قوم کی آواز اور پاکستان کی عظمت کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ مذاکرات کو کامیاب بنانے کی تمام کوششیں بار آور ثابت نہ ہو سکیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایک جانب ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے تو دوسری جانب احتجاج کے باعث برآمدات، درآمدات اور مینوفیکچرنگ سیکٹرز شدید متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ دھرنوں اور احتجاج کی سیاست کا براہ راست نشانہ ملکی معیشت بنے گی۔ وزیراعظم نے سوال اٹھایا کہ کیا ترقی کے پہیے کو دوبارہ جام کرنا ملک دشمنی نہیں ہے؟ انہوں نے اپوزیشن پر زور دیا کہ ہوش کے ناخن لیں اور ملک کی عالمی ساکھ کو داؤ پر لگانے سے گریز کریں۔

احسن اقبال کا لیاقت بلوچ سے رابطہ، وزیراعظم کا پیغام پہنچایا

پٹرولیم لیوی پر حکومتی، جماعت اسلامی کمیٹیاں جلد شیڈول طے کریں گی

مشاورت سے وزیراعظم شہباز شریف، امیر جماعت کی ملاقات کو طے کیا جائیگا

لاہور (نمائندہ شہرنامہ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے رابطہ کرکے پٹرولیم لیوی کے معاملے پر مذاکرات کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام پہنچایا ہے۔ لیاقت بلوچ نے جماعت اسلامی کے شعبہ نشرواشاعت کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم نے احسن اقبال جو پٹرولیم لیوی پر حکومتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

وفاقی وزیر چوہدری سالک سے آئی ایل او کے DG کی ملاقات

پاکستان اور آئی ایل او کے درمیان تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز وانسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے ڈائریکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

حسبنا اللہ ونعم الوکیل ونعم المولی ونعم النصیر
He is your Protector, the best to protect And the Best to help For us Allah sufficeth And He is the best Disposer of affairs
وفاقی وزیر چوہدری سالک سے آئی ایل او کے DG گلبرٹ ایف ہونگبو ملاقات کر رہے ہیں

شمالی وزیرستان میں فورسز کی کارروائی، 5 فتنہ الخوارج ہلاک، 2 زخمی

فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا، سکیورٹی ذرائع

دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر صورت ناکام بنا دینگے، صدر مملکت، وزیراعظم کا سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی (نیوز ایجنسیاں) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے علاقے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرکے 5 خوارج جہنم واصل کر دیئے، جبکہ 2 زخمی ہو گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں سکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

9 مئی مقدمہ، علیمہ اور عظمی خان کی عبوری ضمانت میں توسیع

عدالت نے اعظم سواتی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کر لی

لاہور (صباح نیوز) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان اور عظمی خان سمیت دیگر کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، جس پر عدالت نے پراسیکیوشن سے مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ اے ٹی سی کے جج منظر علی گل نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے ریکارڈ طلب کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر وکلاء کو بھی دلائل کے لیے طلب کر لیا۔ عدالت نے علیمہ خانم، عظمی خانم اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

چارسدہ میں ممکنہ احتجاج، اہم شاہراہوں پر کنٹینرز پہنچا دیے گئے

سردریاب پل اور ادیزئی پل سمیت موٹروے کو بھی بند کیے جانے کا امکان

چارسدہ (صباح نیوز) ضلع چارسدہ میں ممکنہ احتجاج کے پیش نظر انتظامیہ نے اہم شاہراہوں اور گزرگاہوں پر کنٹینرز پہنچا دیے جبکہ اس دوران سردریاب پل، ادیزئی پل اور موٹروے کو بند کرنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ممکنہ احتجاج کے باعث چارسدہ میں اہم راستوں کی بندش کے لیے انتظامات شروع کر دیئے گئے ہیں اور حساس گزرگاہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

وزارت اطلاعات نے مکہ معاہدہ پر غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹس کو مسترد کر دیا

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت اطلاعات نے مکہ معاہدے پر غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹس کو مسترد کر دیا۔ وزارت اطلاعات ونشریات کی جانب سے جاری بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات اب بھی جاری ہیں، قطر

قطر سمیت خطے کے دیگر شراکت داروں کے ذریعے امریکا اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ بھی ہو رہا

جنگ کے خاتمے کیلئے مذاکرات کی میز پر قابل قبول حل تلاش کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیے، ترجمان قطری وزارت خارجہ

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) قطر نے تصدیق کی ہے کہ مشرق وسطی میں جاری جنگ کے خاتمے کے لیے امریکا اور ایران کے درمیان بالواسطہ مذاکرات اب بھی جاری ہیں تاہم دونوں ممالک کے درمیان اہم معاملات پر اختلافات برقرار ہیں۔ یہ بات قطری وزارت خارجہ کے عہدیدار ابراہیم الہاشمی نے منگل کو معمول کی پریس بریفنگ میں بتائی۔ اُن کا کہنا تھا کہ مختلف فریقوں کے تحفظات کو مدنظر رکھتے ہوئے مذاکرات کا سلسلہ جاری ہے۔ ابراہیم الہاشمی نے اس بات کی بھی تصدیق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ آسان خدمت سنٹرز بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نائجیریا میں فوجی طیارہ گر کر تباہ، 32 افراد ہلاک

ابوجا (صباح نیوز) نائجیریا میں فوجی طیارہ گر کر تباہ ہونے کے نتیجے میں عملے کے سات ارکان سمیت طیارے میں سوار تمام 32 افراد ہلاک ہو گئے۔ حکام کے مطابق حادثہ پیر کے روز اس وقت پیش آیا جب نائجیریا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ڈی آئی خان میں فائرنگ، ٹریفک اور 4 کسٹم اہلکار شہید

شہداء کی میتیں سول ہسپتال ٹراما سنٹر منتقل، علاقے میں سرچ آپریشن جاری

ڈیرہ اسماعیل خان (صباح نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگردی کے یکے بعد دیگرے 2 واقعات میں ایک ٹریفک اور 4 کسٹم اہلکار شہید ہو گئے۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

وزیراعلیٰ مریم نواز کی مسقط کو میٹ ایکسپورٹ کی پیشکش

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عمان کے وزیر زراعت، ماہی گیری اور آبی وسائل سعود بن حمود بن احمد الحبسی سے ملاقات ہوئی جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کی وجہ آبنائے ہرمز نہیں، ٹرمپ

روس میں پیٹرول اور ڈیزل کی ریفائنریز یوکرینی حملوں میں تباہ کی جا رہی ہیں

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کی اصل وجہ آبنائے ہرمز نہیں بلکہ ریفائنریز کی بندش ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ آبنائے ہرمز سے روزانہ ریکارڈ مقدار میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

Stakeholder Roundtable
PAKISTAN'S RISING NATION BRAND, SOFT POWER & BRAND-LED EXPORTS
اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا آٹا بحران، 20 کلو تھیلا 3400 روپے میں بکنے لگا

پنجاب سے آٹے کی ترسیل میں رکاوٹ کے باعث مارکیٹ میں قلت پیدا ہوگئی

پشاور (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں آٹے کا بحران سنگین ہونے لگا اور آٹا ڈیلرز نے قیمتوں میں غیر معمولی اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کوٹہ نہ ملنے کی شکایت کی ہے۔ ڈیلرز کے مطابق پنجاب سے آٹے کی ترسیل میں رکاوٹ کے باعث مارکیٹ میں قلت پیدا ہو گئی ہے۔ خیبر پختونخوا آٹا ڈیلرز نے دعویٰ کیا ہے کہ پنجاب حکومت کی جانب سے آٹے کی ترسیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

پنجاب: 15 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ، نوٹیفکیشن جاری

5 یا اس سے زائد افراد کے اجتماع، جلوس، ریلی، جلسے اور دھرنے پر پابندی عائد ہوگی

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب بھر میں 15 اکتوبر تک دفعہ 144 نافذ کر دی گئی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے نوٹیفکیشن کے مطابق عوامی مقامات، شاہراہوں اور کھلی جگہوں پر 5 یا اس سے زائد افراد کے اجتماع، جلوس، ریلی، جلسے اور دھرنے پر پابندی عائد ہوگی۔ عوامی مقامات پر ہر قسم کے ہتھیار لے جانے اور ان کی نمائش، جبکہ غیر قانونی اجتماعات میں شرکت کیلئے لوگوں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار ویانا آسٹریا میں انٹرنیشنل کانفرنس سے آن لائن خطاب کر رہے ہیں

بھارتی نیوی اہلکار پاکستان کیلئے جاسوسی کے الزام میں گرفتار

انڈین بحریہ کے 31 سالہ اہلکار پردیپ کھرجی کو حراست میں لے لیا گیا

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت کی جنوبی ریاست آندھرا پردیش اور آسام سے انڈین بحریہ کے ایک اہلکار کو مبینہ طور پر پاکستان کیلئے جاسوسی کرنے کے الزام میں گرفتار کر لیا۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق آندھرا پردیش پولیس کے کاؤنٹر انٹیلی جنس دستے نے کارروائی کرتے ہوئے انڈین بحریہ کے 31 سالہ اہلکار پردیپ کھرجی کو حراست میں لے لیا، پردیپ کھرجی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

امریکا کی غیر ملکی مالیاتی اداروں کو ایران سے لین دین پر پابندی کی دھمکی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا نے غیر ملکی مالیاتی اداروں کو خبردار کیا ہے کہ اگر انہوں نے ایران یا اس کے بینکاری شعبے کے ساتھ کاروباری لین دین جاری رکھا تو انہیں امریکی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ امریکی محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

پشاور میں ینگ ڈاکٹرز کا احتجاج، او پی ڈیز بائیکاٹ سے مریض رل گئے

پشاور (صباح نیوز) پشاور میں ینگ ڈاکٹرز کا احتجاج جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق اس دوران او پی ڈیز کا بائیکاٹ بھی کر دیا گیا جس سے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تنخواہوں میں 30 فیصد اضافے سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

حکومت اور اپوزیشن مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا تھا، طلال

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے مذاکرات میں بڑا بریک تھرو ہو چکا تھا، تاہم وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی آخری وقت میں شرائط مذاکرات کی ناکامی کا باعث بنیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ مذاکرات میں شامل اپوزیشن کے لوگ اپنی پارٹی اور سوشل میڈیا کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے برطانوی وزیر مملکت ملاقات کر رہے ہیں

معاشی ترقی کیلئے نجی شعبے کے کردار کو مزید مؤثر بنانا ہوگا، وزیر خزانہ

عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسی آگے بڑھانا ہوگی، معاشی استحکام بنیادی ضرورت ہے، محمد اورنگزیب

سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار کلیدی، مقامی سرمایہ کار فعال ہونگے تو بیرونی سرمایہ کاری آئیگی، کانفرنس سے خطاب

کراچی (صباح نیوز) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی ترقی کے لیے نجی شعبے کے کردار کو مزید مؤثر بنانا ہوگا، پائیدار ہو، عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی آگے بڑھانا ہوگی وفاقی وصوبائی حکومتوں کے تحت ”پاکستان کے پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری“ فیر وکانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ معاشی استحکام بنیادی ضرورت ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

IMF پٹرول سبسڈی سکیم جاری رکھنے پر رضامند، صارف نہ بڑھانے کا مطالبہ

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری، ایم ای ایف پی کی تیاری پر کام شروع

آٹو پالیسی میں ای ویز کو دی گئی ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کا بھی مطالبہ، رواں ہفتے اسٹاف لیول معاہدہ طے پانے کا امکان

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) پٹرول سبسڈی اسکیم جاری رکھنے پر رضامند ہوگیا تاہم یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ اسکیم میں مزید صارف نہ بڑھائے جائیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہے۔ پاکستانی حکام اور آئی ایم ایف مشن نے ایم ای ایف پی کی تیاری پر کام شروع کر دیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

پاکستان کا قطر سے 3 ایل این جی کارگو لینے کا فیصلہ

جہازوں کی محفوظ گزرگاہ کو یقینی بنانے کیلئے ایرانی حکام سے رابطہ کی تیاری

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) حکومت نے آبنائے ہرمز کے راستے توانائی کی فراہمی سے متعلق غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر اکتوبر کے دوران قطر سے ایل این جی کے تین کارگو حاصل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حکومت ایل این جی کے جہازوں کی محفوظ گزرگاہ کو یقینی بنانے کیلئے ایرانی حکام سے رابطہ کرنے کی تیاری بھی کر رہی ہے۔ یہ پیشرفت ایسے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین این اے آر سی مینوفیکچرنگ یونٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ متجاوز، لوڈشیڈنگ کا خدشہ

لیسکو ریجن میں شارٹ فال 1500 میگاواٹ سے بھی تجاوز کر گیا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا، متعدد پاور پلانٹس سسٹم سے نکل گئے، ہائیڈل پیداوار بھی کم ہوگئی۔ این ٹی ڈی سی ذرائع کے مطابق ملک بھر میں بجلی کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، اس وقت ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ سے زیادہ ہے۔ متعدد پاور پلانٹس سسٹم سے نکل گئے ہیں اور ہائیڈل پیداوار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے آئی ایف سی کے ڈائریکٹر ملاقات کر رہے ہیں

گیس بحران سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات کا فیصلہ

شہباز شریف کی گیس لوڈ مینجمنٹ پلان اور عوامی آگہی مہم تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے موسم سرما کے دوران گیس کی طلب و رسد میں توازن برقرار رکھنے اور صارفین کو بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے جامع گیس لوڈ مینجمنٹ پلان مرتب کرنے اور تمام ضروری پیشگی اقدامات کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم کی زیر صدارت موسم سرما میں گیس لوڈ مینجمنٹ کے حوالے سے اجلاس ہوا جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ریاض کے کنگ خالد ایئرپورٹ پر فلائٹ آپریشن بحال

ریاض (آئی این پی) سعودی دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد ایئرپورٹ پر فلائٹ آپریشن بحال ہو گیا۔ فلائٹ ڈیٹا کے مطابق ریاض ایئرپورٹ کا فلائٹ آپریشن 100 منٹ تک بند رہا تھا

2 سعودی ایئرپورٹس پر حوثیوں کے حملے، 3 افراد زخمی

جازان اور نجران میں بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر حملے، ضروری اقدامات بھی شروع

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کے دو ہوائی اڈوں کو پیر کی شام ہونے والے دو الگ حملوں میں نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 3 افراد زخمی ہوئے جبکہ ایئرپورٹس کو معمولی نقصان پہنچا۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق سعودی حکام نے بتایا کہ جازان اور نجران میں موجود بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر حملے ایسے وقت کیے گئے جب سعودی عرب اور یمن کے ایران نواز حوثی گروپ کے درمیان لڑائی میں تیزی آرہی ہے۔ سعودی سول ایوی ایشن حکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

دکی سے اغوا 12 میں سے ایک پنجابی محنت کش قتل

مقتول مزدور کی لاش ان کے آبائی علاقے رحیم یار خان بھجوا دی گئی

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے ضلع دکی سے اغوا ہونے والے 12 مزدوروں میں سے ایک کو دہشت گردوں نے قتل کر دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق دکی میں پولیس حکام نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ہلاک ہونے والے مزدور شاہد کا تعلق پنجاب کے ضلع رحیم یار خان سے تھا۔ دکی پولیس حکام کے مطابق قانونی کارروائی کے بعد مارے جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

سپریم کورٹ بار انتخابات، امجد شاہ کے کاغذات نامزدگی منظور

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن آف پاکستان کے سالانہ انتخابات، عاصمہ جہانگیر گروپ کے صدارتی امیدوار سید امجد شاہ کے کاغذات نامزدگی منظور۔ الیکشن کمیٹی نے سید امجد شاہ کی اہلیت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA

ایڈیٹوریل

فون 0333-5196088:
0344-5335568:
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا
اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی اجازت کسی صورت نہیں دی جائیگی

وزیرِ داخلہ محسن نقوی کی گورنر ہاؤس پشاور میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات ہوئی جس میں صوبے کو دہشت گردی سے بچانے کے لیے آئینی کردار ادا کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق ملاقات میں صوبے میں اَمن وامان کی صورتحال اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے لانگ مارچ پر غور کے بعد اتفاق ہوا کہ صدر اور وزیرِ اعظم گورنر راج یا ایمرجنسی کو ضروری سمجھیں تو گورنر ہاؤس اپنا کردار ادا کرے گا۔ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا کہ پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں سرکاری ہیلی کاپٹر اور وسائل کا استعمال عدالتی فیصلوں کی خلاف ورزی ہے۔ ملاقات میں چیف سیکرٹری اور انسپکٹر جنرل (آئی جی) خیبر پختونخوا (کے پی) کے علاوہ آئی جی ایف سی بھی موجود تھے۔ آئی جی خیبر پختونخوا نے وزیرِ داخلہ کو صوبے کی صورتحال پر بریفنگ دی جس میں اُن کا کہنا تھا کہ کسی بھی غیر یقینی کی صورتحال سے نبٹنے کے لیے پولیس پوری طرح سے چوکس ہے، مختلف اضلاع سے پولیس اہلکار پولیس لائنز طلب کر لیے گئے ہیں جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کیلئے حکمت عملی تیار ہے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کی ناکامی کے بعد وزیرِ داخلہ نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف سے بھی ملاقاتیں کی تھیں جن میں آئندہ کے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی تھی۔ وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ نے بھی شہباز شریف سے رابطہ کر کے اُنہیں اپوزیشن سے معاہدہ نہ ہونے کی وجوہات سے آگاہ کیا۔ وزیر داخلہ نے وزیرِ اعظم کو آگاہ کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت پولیس ایکٹ 2026ء پر نظرِ ثانی اور انسدادِ دہشت گردی کے معاملات سے متعلق تحریری معاہدے پر دستخط اور 72 گھنٹوں میں عملدرآمد پر رضامند ہوگئی تھی لیکن پھر حتمی مرحلے میں اچانک طے شدہ نکات سے پیچھے ہٹ گئی۔ اُن کا کہنا تھا کہ پولیس اور سکیورٹی معاملات کو سیاسی مداخلت سے محفوظ رکھنے اور صوبے میں دہشت گردوں کو آزادانہ کارروائیوں اور محفوظ پناہ گاہوں سے روکنے کے علاوہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور تحریک طالبان افغانستان (ٹی ٹی اے) سمیت دیگر تمام دہشت گرد گروہوں کی غیر مبہم مذمت کرنے جیسے نکات سے بھی اتفاق ہوگیا تھا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ افغان مہاجرین کی واپسی سے متعلق قومی پالیسی کی حمایت، خیبر پختونخوا میں افغان مہاجر کیمپوں کے خاتمے، عبوری افغان حکومت کے ساتھ صوبائی سطح پر رابطہ نہ رکھنے، انسدادِ دہشت گردی آپریشنوں اور پولیس کیلئے خاطر خواہ فنڈز مختص کرنے، انسدادِ دہشت گردی اقدامات کی مکمل ذمہ داری صوبے کے ذمے لینے، مسلح افواج کے ساتھ مضبوط تعاون، سابق فاٹا اور ضم شدہ اضلاع میں انسداد دہشت گردی سے متعلق اہم فیصلوں اور نیشنل ایکشن پلان پر موثر عملدرآمد بھی طے شدہ نکات میں شامل تھا۔ اُنہوں نے وزیرِ اعظم کو مزید بتایا کہ کے پی اِسوقت انتہائی سنگین سکیورٹی صورتحال سے دوچار ہے، سکیورٹی معاملات کو سیاست کی نذر نہیں کیا جاسکتا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزیرِ اعظم نے اِس ملاقات میں کہا کہ اَمن اور امان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے فیصلوں پر سختی سے عملدرآمد کرانا ہوگا، کسی کو ملک یا صوبے کا اَمن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، دہشت گردی کے خلاف ریاست کا موقف واضح ہے کہ اَمن اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزیرِ داخلہ نے ملاقات سے قبل لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے واضح طور پر کہا تھا کہ وزیرِ اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی نے مذاکرات کو سبوتاژ کر دیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ چار بار ڈرافٹ تیار ہوا لیکن جب فائنل ڈرافٹ تیار ہوا تو وزیرِ اعلیٰ کے پی نے کہا کہ وہ اِسے نہیں مانتے۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومتی مذاکرات کاروں کو معلوم ہوتا کہ کے پی حکومت مذاکرات کو ویٹو کر دے گی تو وہ مذاکرات ہی نہ کرتے، غیر سنجیدہ اور ناسمجھ لوگوں کو ذمہ دار پوزیشنوں پر بٹھایا جائے تو اِس کا نقصان پورے ملک کو ہوتا ہے، اب اپوزیشن کے ساتھ کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے، اپوزیشن وفد پر واضح کر دیا گیا تھا کہ احتجاج کرنا ہے تو ضرور کریں لیکن اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی اجازت کسی صورت نہیں دی جائے گی، احتجاج میں شریک جو بھی ورکر یا رہنما گرفتار ہوا اُس کے خلاف بھرپور قانونی کارروائی کی جائے گی۔

دوسری جانب خیبر پختونخوا کے وزیرِ اعلیٰ سہیل آفریدی نے لکی مروت کے علاقے گنڈی چوک سے لانگ مارچ کے پہلے مرحلے کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ وہ گورنر راج یا ایمرجنسی کو نہیں مانتے، خیبر پختونخوا میں حکومت عمران خان کی ہے، پی ٹی آئی ایک سیاسی قوت ہے، اِس کی مذاکراتی کمیٹی سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کے لیے اسلام آباد گئی تھی۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ ایک مائنڈ سیٹ ہے جو بند کمروں میں فیصلے کرتا ہے، کل وہ ایک اور فیصلہ کے پی کے عوام پر مسلط کرنے جا رہا تھا، کے پی میں عمران خان کا وژن اور پالیسی چلے گی، کسی ایسی پالیسی کو نہیں مانتے جس میں پشتونوں کا نقصان ہو، یہاں کوئی آپریشن نہیں ہوگا۔ وہ پہلے بھی باغی تھے اور آج بھی باغی ہیں، وفاقی حکومت نے 22 سال سے صوبے کو لیبارٹری بنا رکھا ہے، زبردستی آپریشن مسلط کیے جاتے ہیں، پی ٹی آئی یہ آگ بجھائے گی، کے پی حکومت کی پالیسی پر عمل درآمد سے 100 دنوں میں اَمن آسکتا ہے۔ لانگ مارچ اور مذاکرات سے متعلق بریفنگ کے لیے وزیرِ اعظم شہباز شریف نے اتوار کو جاتی امراء رائیونڈ میں مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیرِ اعظم نواز شریف سے بھی ملاقات کی۔ مذاکرات کی ناکامی کی وجوہات سے آگاہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے سیاسی صورتحال اور حکومت اور اپوزیشن کے درمیان پیدا ہونے والے اختلافات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا اور آئندہ کے حکومتی اقدامات اور اہم معاملات پر مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ بعض میڈیا رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان مذاکرات اگرچہ ناکام ہو گئے تھے لیکن اِس کے باوجود چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر بات چیت جاری رکھنے کے لیے کوشش کرتے رہے۔ لانگ مارچ ابھی تک خیبر پختونخوا کی حدود میں ہے اور کسی محاذ آرائی سے بچنے کیلئے اِس کے وہاں رہتے ہوئے ہی حکومت اور اپوزیشن کے معاملات طے ہو جانے چاہئیں۔ دونوں اطراف کی کمیٹیوں کو دوبارہ سے اپنے اپنے مطالبات پر غور کر کے وہ تمام گنجائشیں نکالنی چاہئیں جن سے کامیابی یقینی بنائی جاسکے۔

نئی اور بدلتی دنیا!

دنیا میں بیشتر لوگوں نے بچپن کے دوران اپنی نانی اماں یا دادی جان سے پریوں، جنوں بھوتوں کی کہانیاں سنی ہوں گی ذرا سوچیں جو آپ نے سنا اور ایک تخیل بنا کر ذہن میں بٹھا لیا اب اگر وہی تیل حقیقت کا روپ دھار کر آپ کے سامنے آن کھڑا ہو تو پھر کیسا لگے گا بعینہٖ جو باتیں پہلے تخیل تھا محض خواب وخیال تھیں آج وہ بھیانک تعبیر بن کر ہمارے سامنے آنے والی ہیں یعنی اس کا آسان اور سادہ مطلب ہے دنیا کا سکون تہہ وبالا ہونے والا ہے بہت سے ماہرین پریشان ہیں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی تو پھر کیا ہوگا اس پر ان کے شدید تحفظات ہیں کہ کرونا وائرس کی ویکسین کی آڑ میں نہ جانے کتنے گل کھلانے کی پیش بندی جاری ہے پہلے محض خیال تھا اب یقین ہوتا جا رہا ہے کہ اس پوری گیم کے پیچھے صیہونی دماغ کام کر رہا ہے جو ہر قیمت پر دنیا کو ہیکل سلیمانی کے زیرِ نگیں کرنا چاہتا ہے اس سلسلہ کا پہلا پروجیکٹ 5G کہا جا رہا ہے کیونکہ 5G انسٹالیشن ہے جو لاک ڈاؤن کے دوران دنیا کے بیشتر ممالک میں چپکے سے کی جاتی رہی ہے۔ عالمی میڈیا کو اس کی رپورٹنگ سے روکا گیا ہے۔ میڈیا پر آپ کو 5G کے متعلق کوئی خبر نہیں ملے گی۔ جب لندن میں مکمل لاک ڈاؤن تھا لیکن وہاں 5 جی انسٹالیشن کا عملہ پھر بھی دن رات پولز پر ٹاورز نصب کرنے میں مصروف رہا جس کا مطلب ہے دال میں کچھ کالا ہے یا پھر ساری دال ہی کالی ہے۔ کہا یہ جا رہا ہے کہ 5G دنیا میں انقلاب بپا کر دے گا سوچنے سمجھنے کی بات یہ ہے کہ آخر یہ 5G کیا بلا ہے؟ اسے سمجھے اور جانے بغیر بات کی تہہ تک نہیں پہنچا جا سکتا 5G دراصل انٹرنیٹ اسپیڈ کی تیز ترین رفتار ہے جو اگر کسی علاقے میں لگا دی (انسٹال) کر دی جائے تو اس پورے ایریا کو ایک ”سپر کمپیوٹر“ کے ذریعے ہر وقت کہیں بیٹھ کر ویڈیو پر دیکھا جا سکے گا علاقے کا کوئی فرد ایسا نہیں بچے گا جس کی جاسوسی ممکن نہ ہو۔ موبائل سے لیکر ٹی وی، ایل سی ڈی یا ایل ای ڈی، فرج، آٹو پارٹس اور گھر کی تمام اشیاء میں نصب چھوٹے خفیہ کیمروں کے ذریعے چوبیس گھنٹے ہر فرد کی جاسوسی ممکن ہو جائے گی۔ ملٹری سطح پر یہ کام پہلے ہی دنیا کی بڑی افواج کرتی رہی ہیں یعنی انسانوں، اداروں، کاروبار، معیشت حتیٰ کہ حکومتوں کی رازداری ختم ہو جائے گی عالمی طاقتیں جب چاہیں گی ہر قسم کی پوشیدہ معلومات سے آگاہ ہو جائیں گی اور ان کو مطلق پتہ بھی نہیں چلے گا یا پھر اندر کھاتے ان کو مخالفین کو فروخت بھی کیا جا سکتا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کوئی ملک ایک میگا پراڈکٹ لانچ کرنے والا ہو 5 G کی ٹیکنالوجی کی بدولت اس سے بہتر پراڈکٹ مارکیٹ میں متعارف کروا دی جائے، یا پھر کچھ شاطر ذہن VVIP کی بلیو فلمیں بنا کر ان کو بلیک میل کر کے اپنے مفادات حاصل کر سکتے ہیں دنیا میں شخصیات یا ملکوں کے درمیان خفیہ معاہدے اب خفیہ نہیں رہیں گے لیکن عوامی سطح پر اسے لانے کا بہت زیادہ سائنسی نقصان بھی ہونے کا احتمال ہے کیونکہ اس ٹیکنالوجی کی شعاعیں انسانی دماغ کے لئے انتہائی خطرناک ہیں، ماہرین کے مطابق 5G سگنلز میں رہنے والا انسان ایسا ہوگا جیسے اسکا دماغ مائیکرو ویو اوون میں پڑا ہوا ہو۔ یہ انسان کو مختلف ذہنی بیماریوں کا شکار کر دے گی لیکن صیہونی خفیہ ہاتھ کو اس کی پرواہ نہیں کہ انسانوں کے دماغ پر کیا بیتتی ہے انہیں صرف پوری دنیا کو ڈجیٹلائز کرنا ہے اور اس مقصد کے لئے لاکھوں انسانوں کو مارنا پڑا تو وہ اس سے بھی دریغ نہیں کریں گے کیونکہ ان کا ایک ایجنڈہ یہ بھی تو ہے کہ دنیا کی آبادی کم سے کم کرنا ہے پاکستان میں کئی سیلولر کمپنیوں نے اشتہارات کے ذریعے 5جی کی پروموشن شروع کر دی ہے جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس منصوبے پر کتنی تیزی سے کام ہو رہا ہے۔ آپ نے بھی شاید کہیں پڑھا ہو کہ ایک وقت آئے گا جب انسانوں کے دماغ کنٹرول کرنے کے لئے کوئی چپ ایجاد ہو جائے گی اب جو حالات جا رہے ہیں لگتا ہے معاملات اسی طرف جا رہے ہیں اس لئے غالب خیال یہ ہے کہ کرونا وائرس کی ویکسین ہی اس منصوبے کے لئے کارگر ہے جیسے پولیو ویکسین اور آئیوڈائیز نمک پر بہت سے لوگوں کے تحفظات ہیں کہ یہ بانجھ پن پیدا کرتا ہے یہ بھی آبادی کو کنٹرول کرنے کی سازش ہے اور یہ سازش بالخصوص مسلمانوں کے لئے کی جا رہی ہے کہ ان کی تعداد کم ہو جائے تا کہ جہاد کے لئے کم سے کم لوگ میسر آسکیں بذریعہ ویکسین دوسرا پروجیکٹ Nano Chip کہا جا سکتا ہے کیونکہ حال ہی میں بل گیٹس نے کرونا وائرس کی ویکسین کے پراجیکٹ میں 1 بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری کرنے کا اعلان کیا ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن اس ویکسین کو ہر شخص کے لئے لازمی قرار دے دے گی جس سے پوری دنیا کو ڈجیٹلائز کر دیا جائے گا اب سوال ذہن میں اٹھنا یقینی بات ہے کہ وہ کیسے؟ 5G اور Nano chip کیسے کم کرے گی اس کا جواب انتہائی سادہ ہے 5G کے ٹاورز بظاہر تو آپ کو انٹرنیٹ کی تیز سپیڈ دینے کے لئے ہوں گے لیکن ان کا اصل خفیہ مقصد انسانوں میں لگی نینو چپ (بہت زیادہ چھوٹی چپ) میں جمع ہونے والا ڈیٹا (یعنی آپ کی دماغی سوچ) کسی خفیہ جگہ جمع کرنا ہوگا۔ وہ ”خفیہ ہاتھ پوری دنیا کے منتخب انسانوں کے دماغوں میں پیدا ہونے والی سوچ کو کسی نامعلوم جگہ پر اپنے ”سپر کمپیوٹر“ کے ذریعے دیکھے گا بلکہ کنٹرول بھی کر سکے گا یہ ساری نشانیاں دجال کی آمد کی طرف اشارہ ہیں وہ یہودیوں کا مسیحا ہو گا۔ اب یہ بات وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ اقوام متحدہ کی سپر گورنمنٹ کا پلان آخری مراحل میں ہے۔ بالکل ایسی ہی ایک حدیثِ مبارکہ بھی ملتی ہے کہ دجال ایک جگہ سے گزرے گا جہاں کسی شخص کے والدین فوت ہو گئے ہوں گے، وہ شخص سوچ رہا ہوگا کہ کاش میرے والدین دوبارہ زندہ ہو جائیں دجال اس کی یہ سوچ اور خواہش پہچان لے گا اور اس کے بولنے سے پہلے ہی اس کے پاس جا کر اسے کہے گا کہ اگر میں تمہارے والدین کو زندہ کر دوں تو کیا تم مجھے خدا مان لو گے۔ وہ شخص بولے گا ہاں کیوں نہیں پھر دجال اپنے شیاطین کو حکم دے گا (جاری ہے۔۔۔۔)

بے صبری کے زخم!

جب کسی معاشرے میں بے صبری پھیل جائے تو اس کی حالت اُس گاڑی جیسی ہو جاتی ہے جس کے بریک فیل ہو گئے ہوں۔ پھر وہ بے تکان اور بلا رکاوٹ چلتی جاتی ہے تاوقتیکہ کوئی حادثہ اسے روک نہ دے۔ بے صبری کا کیا دھرا ہے کہ ہمارے ہاں آج تک قطار میں لگ کر انتظار کرنا ہمارا بہت بڑا دکھ ہے جہاں کہیں لمبی قطار دیکھیں، سفارشیں ڈھونڈتے ہیں یا راستے نکالتے ہیں کہ کسی طرح لائن کو توڑ کر آگے نکل جائیں۔ ہماری اس بے صبری سے فائدہ اٹھا کر بعض اداروں نے لائن سے بچنے کے دوگنا ریٹ رکھ دیئے ہیں۔ پاسپورٹ جب قطار میں لگ کر بنوانے میں شرم آئے تو ہم ایگزیکٹو سنٹر چلے جاتے ہیں، جہاں دوگنا فیس بھر کر وی آئی پی طریقے سے کام کروا کے واپس آتے ہیں۔ ریلوے پھاٹک پر اپنی سائیڈ اور قطار میں کھڑے ہونے کی بجائے سامنے سے آنے والوں کے راستے میں کھڑے ہو جاتے ہیں۔ پھر جب ٹریفک پھنستی ہے تو گالیاں ریلوے پولیس یا وارڈنز کو دیتے ہیں۔ یہ ایک وتیرا ہے جو ہماری جان نہیں چھوڑ رہا۔ بے صبری کے مظاہر قدم قدم پر نظر آتے ہیں حتیٰ کہ دہی بھلے کی ریڑھی پر بھی ہماری بے صبری کم نہیں ہوتی اور ہم چاہتے ہیں دہی بھلے والا سب کو چھوڑ کر ہمیں دہی بھلے پہلے دے۔ ایسے میں لڑائی جھگڑے بھی ہو جاتے ہیں۔ اب کوئی اُن سے پوچھے کیا دہی بھلے پہلے یا بعد میں کھانے پر جھگڑا بنتا ہے؟ بنتا ہو یا نہ بنتا ہو ہم نے بنا لینا ہے۔ بعض اوقات بات اتنی بڑھ جاتی ہے کہ بندہ تک مار دیتے ہیں۔ بے صبری کا فائدہ اٹھانے والے بھی بہت ہیں بلکہ ان کا تو کاروبار ہی لوگوں کی بے صبری سے چلتا ہے۔ دفاتر میں معمول کے مطابق بھی کام ہو جاتے ہیں مگر ہم جان بوجھ کر رشوت کیلئے اپنا کندھا پیش کرتے ہیں۔ اسی بے صبری کی وجہ سے کلرک بادشاہ فائل ایک دو دن روک دیتے ہیں، جس پر انہیں منہ مانگی مٹھائی دے کر فائل نکلوا لی جاتی ہے۔ اب سوال یہ ہے بے صبری نظام نے ہمارے اندر ڈالی ہے یا خود ہم اس کے ذمہ دار ہیں۔ میرا خیال ہے اس میں بڑا کردار ہماری بے صبری کا ہے۔ میں کل شمس آباد چوک ملتان سے گزر رہا تھا تو میں نے گرین بس دیکھی، جو سٹاپ پر کھڑی تھی اور چھ سات مسافر ہوں گے جنہوں نے بس میں سوار ہونا تھا مگر ایسے گیٹ پر دھکم پیل کر رہے تھے جیسے رہ گئے تو جنت سے محروم ہو جائیں گے۔ بس کے شیشوں سے صاف نظر آ رہا تھا کہ اس میں کافی گنجائش موجود ہے، مگر ہائے بے صبری وہ چین کہاں لینے دیتی ہے جب ہم قطار توڑتے ہیں تو درحقیقت خود بھی ایک کرپشن کرتے ہیں۔ ہمارے اس رویے سے فائدہ اٹھانے والے کرپٹ مافیا کی چاندی ہو جاتی ہے۔ ہمارے دفاتر، کچہریوں، پٹوار خانوں حتیٰ کہ ہسپتالوں میں بھی ایک کردار جس کا نام ٹاؤٹ ہے پایا جاتا ہے۔ ہم میں سے اکثر لوگ اس بات کا فخریہ اعلان کرتے ہیں کہ فلاں جگہ رش بہت تھا، تاہم ٹاؤٹ کو دو ہزار روپے دے کر جلدی کام کرا لیا۔ اس بے صبری نے معاشرے میں وی وی آئی پی کلچر کو پروان چڑھایا جو اختیار والے ہیں وہ سفارش کرا کے کام نکلواتے ہیں، جو پیسے والے ہیں وہ پیسہ پھینک کر تماشا دیکھتے ہیں۔ رہ گیا عام آدمی تو وہ بے چارہ قطار میں لگ کر اپنا تماشا دیکھ رہا ہوتا ہے۔ دفتروں میں بیٹھے بابوان سے بھی یہی چاہتے ہیں وہ پیسہ پھینکیں اور تماشا دیکھیں مگر غریبوں کے پاس دکھ، تکلیفوں اور محرومیوں کا تو بڑا سٹاک موجود ہے، پیسہ نہیں ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے قوم کی حالت جاننی ہو کہ وہ کتنی مہذب ہے تو اس کی ٹریفک کو دیکھ لیں۔ اگر ٹریفک ہموار ہے، قانون قاعدے کے مطابق چل رہی ہے، ہر ڈرائیور اپنی لین اور لائن کا خیال رکھ رہا ہے۔ کہیں ہڑبونگ ہے اور نہ ٹریفک جام تو سمجھو معاشرہ مہذب اور حسنِ ترتیب کا حامل ہے اگر معاملہ اس کے برعکس ہے تو پھر معاشرے کے پُرانتشار ہونے میں کوئی کلام نہیں۔ ٹریفک کو پُرانتشار بنانے میں بھی ہماری یہ بے صبری ہی سب سے اہم کردار ادا کرتی ہے۔ آپ جس ٹریفک حادثے کو بھی دیکھیں اُس میں بے صبری کا کردار سب سے نمایاں ہوگا۔ اوورٹیک کرنے کا موقع نہیں ہوتا مگر ہم بے صبری کے ہاتھوں مجبور ہو کر ایسا کرتے ہیں اور سامنے سے آنے والی گاڑی سے ٹکرا جاتے ہیں، حد رفتار کے بورڈ لگے دیکھتے ہیں مگر رفتار کم نہیں کرتے۔ کبھی آپ نے بسوں کے ڈرائیوروں کو خطرناک طریقے سے ریس لگاتے دیکھا ہے۔ بس خبط یہ ہوتا ہے کہ دوسری بس والا مجھ سے آگے نہ نکلے۔ اس خبط میں خطرناک حادثہ ہوتا ہے اور درجنوں جانیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ ہائی وے اور ٹریفک پولیس والوں نے جگہ جگہ لکھ کر لگا رکھا ہوتا ہے کہ دیر سے پہنچنا نہ پہنچنے سے بہتر ہے۔ یا ڈرائیونگ بے صبری کا کام نہیں، وغیرہ وغیرہ۔ مگر کون سنتا ہے فغانِ درویش، ایسے بورڈ دیکھ کر ہمارے ڈرائیور حضرات ریس مزید بڑھا دیتے ہیں۔

ہم نے تو اپنی سیاست میں بھی بہت بے صبری کا استعمال کیا ہے۔ پانچ برس کیلئے منتخب ہونے والی حکومت کو سال ڈیڑھ سال بعد گھر بھیجنے کی جلدی ہم کئی دہائیوں سے دیکھ رہے ہیں۔ ایک بار نہیں یہ تماشا ہم نے بار بار دیکھا ہے۔ اس بے صبری کا کیا دھرا ہے کہ جمہوریت ہمارے ہاں پانی کا بلبلہ ہو رہی ہے۔ اونچا سانس لینے سے بھی یہ غبارہ یہ بلبلا پھٹتا رہا ہے۔ پھر یہ بھی نہیں کہ ہم پارلیمنٹ کے اندر سے حکومت بدلتے رہے ہوں۔ ہم سڑکوں پر لانگ مارچوں اور دھرنوں کے ذریعے حکومت کو جانے پر مجبور کرتے آئے ہیں اسی بے صبری کا نتیجہ ہے کہ آج ہم ایک سیاسی بحران سے گزر رہے ہیں۔ ہمارے مذاکرات میں بھی بے صبری ہوتی ہے اور مذاکرات کی ناکامی کا اعلان کرنا بھی ہمیں بے صبر رکھتا ہے۔ اتنے عرصے بعد اگر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات شروع ہوئے تھے تو اس میں اتنی جلدی کیا تھی، کئی دن بھی سیشن ہوتے تو ہونے دیتے۔ بات کسی کنارے تو لگاتے، مگر یہاں تو ایسا لگا کہ حکومت چٹ منگنی پٹ بیاہ چاہتی ہے۔ اپنے مطلب کا معاہدہ کرنے کی کوشش کبھی کارآمد ثابت نہیں ہوتی۔ چھوٹے چھوٹے مطالبات جو صرف ضد کے زمرے میں آتے ہیں مان لیتے تو بڑا بریک تھرو ہو جاتا، مگر ایسا نہیں ہوا اور ایک بار پھر سیاسی سطح پر کشیدہ صورت حال بڑھ رہی ہے۔

اس موقع پر طاقت کا آپشن استعمال کرنا حالات کو بگاڑ سکتا ہے۔ سیاسی دانشمندی ہی واحد راستہ ہے جو منجدھار سے نکالے گا تاہم اس کیلئے صبر وتحمل سے کام لینا ہوگا جو اس وقت مفقود نظر آ رہا ہے۔ بے صبری کو اگر ہم اپنے معاشرے اور سیاست سے نکال دیں تو ایک مثالی جمہوری ملک بن سکتے ہیں۔

ہم سب کو رعایت کیوں چاہیئے؟

صبح لاہور کی کسی سڑک پر ایک گاڑی سرخ بتی توڑ کر آگے نکل جاتی ہے، ٹریفک وارڈن اسے روکنے کی کوشش کرتا ہے تو ڈرائیور فوراً موبائل نکالتا ہے، کسی صاحب کو فون ملاتا ہے اور چند لمحوں بعد معاملہ ختم ہو جاتا ہے۔ شام کو یہی شخص دوستوں میں بیٹھ کر بڑے دُکھ سے کہتا ہے، ”اس ملک میں قانون نام کی کوئی چیز نہیں۔“ شاید پاکستان کے موجودہ معاشرتی تضاد کو سمجھنے کیلئے اس ایک منظر سے بہتر مثال مشکل ہو۔ ہم قانون چاہتے ہیں، مگر اپنے لئے اس میں استثنا بھی چاہتے ہیں؛ ہم میرٹ کا مطالبہ کرتے ہیں، مگر اپنے کسی عزیز کی باری آئے تو سفارش کو حق سمجھنے لگتے ہیں؛ ہم شفافیت چاہتے ہیں، مگر اپنی سہولت کیلئے بند دروازے کے پیچھے ہونے والا کام ہمیں ناگوار نہیں گزرتا۔ مسئلہ شاید یہ نہیں کہ ہمیں اصول معلوم نہیں، مسئلہ یہ ہے کہ ہم اصولوں کا اطلاق اپنے اوپر اسی شدت سے نہیں چاہتے جس شدت سے دوسروں پر چاہتے ہیں۔

یہ تضاد ہماری قومی زندگی کے تقریباً ہر شعبے میں دکھائی دیتا ہے۔ کسی سرکاری دفتر میں لمبی قطار لگی ہو تو ہم اس شخص کو برا بھلا کہتے ہیں جو قطار توڑ کر اندر چلا جائے، لیکن اگر ہمارا کوئی جاننے والا اندر بیٹھا ہو تو ہم اسے فون کر کے کہتے ہیں، ”بس ذرا دیکھ لیجیے گا، بہت ضروری کام ہے“۔ ہم سفارش کو اصولاً غلط کہتے ہیں، لیکن اپنی سفارش کو ”ریفرنس“ کا مہذب نام دے دیتے ہیں۔ دوسرے کا تعلق اقربا پروری ہے، ہمارا تعلق صرف ”مدد“ ہے۔ دوسرے کی غلطی بدعنوانی ہے، ہماری غلطی مجبوری ہے۔ دوسرے کا قانون توڑنا قومی بگاڑ ہے۔ یہیں سے ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے، کیا ہم واقعی ایک بہتر ریاست چاہتے ہیں یا صرف ایسی ریاست چاہتے ہیں جو ہمارے لئے بہتر ہو؟ یہ سوال تلخ ضرور ہے، مگر شاید اسی کا جواب ہماری اجتماعی اصلاح کا آغاز بن سکتا ہے، کیونکہ ریاست معاشرے سے الگ کوئی جزیرہ نہیں۔ پولیس، عدالت، بیوروکریسی، یونیورسٹی، پارلیمنٹ، ہسپتال اور دوسرے اداروں میں کام کرنے والے لوگ اسی معاشرے سے آتے ہیں۔ اگر معاشرے میں سفارش کو قابلِ قبول راستہ سمجھا جائے، اگر تعلق قابلیت پر فوقیت پا جائے، اگر قانون کو طاقتور کیلئے لچکدار اور کمزور کیلئے سخت تصور کیا جائے تو ریاستی ادارے بھی ان رویوں سے مکمل طور پر محفوظ نہیں رہ سکتے۔ ہم اکثر ریاستی اداروں کی کمزوری پر حیران ہوتے ہیں، مگر یہ کم ہی سوچتے ہیں کہ ان اداروں میں آنے والے افراد آخر کس معاشرتی تربیت سے گزر کر آئے ہیں۔

ہم اپنے بچوں کو کامیاب ہونے کے طریقے تو بتاتے ہیں، مگر کامیابی کی اخلاقی حدود کم ہی سمجھاتے ہیں۔ انہیں یہ سکھایا جاتا ہے کہ اچھے نمبر لاؤ، اچھی ملازمت حاصل کرو، آگے بڑھو، لیکن یہ سوال کم پوچھا جاتا ہے کہ آگے بڑھتے ہوئے کس کو پیچھے چھوڑ رہے ہو اور کس قیمت پر؟ اگر بچہ یہ دیکھے کہ گھر میں سفارش سے کام نکلوانا کامیابی ہے، امتحان میں نقل ”چالاکی“ ہے، قانون سے بچ نکلنا ”سمارٹنس“ ہے اور تعلقات کے ذریعے میرٹ کو پیچھے کرنا ”دنیا داری“ ہے تو پھر ہم اس سے عملی زندگی میں اصول پسندی کی توقع کیسے کر سکتے ہیں؟

یہی وجہ ہے کہ معاشرتی اصلاح محض اخلاقی نصیحت نہیں بلکہ قومی ضرورت ہے۔ ریاست قوانین بنا سکتی ہے، مگر ہر شہری کے ضمیر پر پولیس تعینات نہیں کر سکتی۔ حکومت سوشل میڈیا پر ہر جھوٹی خبر کے پیچھے نہیں جا سکتی۔ یونیورسٹی ہر طالب علم کے ہاتھ میں کھڑے ہو کر نقل نہیں روک سکتی۔ ٹریفک پولیس ہر چوک پر ہر گاڑی کو نہیں روک سکتی۔ کسی معاشرے کی اصل طاقت اس وقت سامنے آتی ہے جب شہری درست کام اس وقت بھی کریں جب انہیں کوئی دیکھنے والا نہ ہو۔

سوشل میڈیا نے اس مسئلے کو ایک نئی جہت بھی دے دی ہے۔ آج ہم کسی خبر کو اسلئے آگے بڑھا دیتے ہیں کہ وہ ہمارے موقف کے حق میں ہے۔ اگر خبر ہمارے مخالف کو نقصان پہنچاتی ہو تو ہمیں تصدیق کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی؛ اگر یہی خبر ہمارے خلاف ہو تو ہم اسے جھوٹ اور پروپیگنڈا قرار دیتے ہیں، یعنی سچ بھی کبھی کبھی ہماری پسند کا محتاج ہو جاتا ہے۔ یہ صرف معلومات کا مسئلہ نہیں، شہری کردار کا مسئلہ ہے۔ آزادیِ اظہار کا مطلب یہ نہیں کہ دوسروں کی عزت اور سچائی کی ذمہ داری ختم ہو گئی۔

ہمیں اپنے سیاسی، سماجی اور مذہبی اختلافات میں بھی یہی تضاد دکھائی دیتا ہے۔ ہم اپنے لئے برداشت چاہتے ہیں، مگر مخالف کے لئے برداشت نہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری رائے کو دلیل کے ساتھ سنا جائے، مگر دوسرے کی رائے کو سننے سے پہلے اس کے ارادے پر شک شروع کر دیتے ہیں۔ شاید کسی معاشرے کی پختگی کا اصل امتحان یہ نہیں کہ وہاں کتنے لوگ ایک جیسا سوچتے ہیں، بلکہ یہ ہے کہ مختلف سوچنے والے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ کس طرح رہتے ہیں۔

یہاں تاریخ ہمارے لئے ایک اہم سبق رکھتی ہے۔ مضبوط معاشرے صرف قوانین سے نہیں بنتے؛ ان کے پیچھے شہری عادات اور اجتماعی اقدار بھی ہوتی ہیں۔ جنگوں اور تباہیوں سے گزرنے والے کئی معاشروں نے اپنی تعمیرِ نو میں صرف عمارتیں اور معیشتیں نہیں بنائیں، بلکہ نظم، محنت، قانون کی پابندی، تعلیم اور اجتماعی ذمہ داری کو بھی اپنی قومی ثقافت کا حصہ بنایا۔ پاکستان کو بھی ترقی کے لئے صرف نئے منصوبے نہیں، نئے شہری رویے درکار ہیں، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ریاست اپنی ذمہ داری سے بری ہو جائے۔ بالکل نہیں۔ ریاست کو قانون کی بالادستی قائم کرنی ہے، اداروں کو شفاف بنانا ہے، میرٹ کو یقینی بنانا ہے، احتساب کو غیر جانبدار بنانا ہے اور شہریوں کو بنیادی سہولتیں فراہم کرنی ہیں۔

ریاست سے پہلے معاشرہ اسی لئے اہم ہے کہ ریاست ہمارے اجتماعی رویوں کا عکس بھی ہوتی ہے۔ ہم اگر اپنے لئے ہر جگہ سہولت اور استثنا چاہتے رہیں گے تو پھر ایسی ریاست کی تعمیر مشکل ہوگی جہاں سب کے لئے ایک ہی اصول ہو۔ ہم اگر سفارش کو اپنے لئے جائز اور دوسروں کے لئے ناجائز سمجھیں گے تو میرٹ صرف ایک خوبصورت لفظ بن کر رہ جائے گا۔ اور اگر ہم اپنے حق اور اپنی سہولت کے درمیان فرق نہیں کر سکیں گے تو انصاف کا تصور بھی ادھورا رہے گا۔ شاید ہمیں آج ریاست سے یہ پوچھنے کے ساتھ ساتھ اپنے آپ سے بھی ایک سوال پوچھنا چاہئے کیا میں وہی اصول اپنے لئے قبول کرنے کو تیار ہوں جس کا مطالبہ میں دوسروں کے لئے کرتا ہوں؟ اگر اس سوال کا جواب ”ہاں“ میں آنا شروع ہو جائے تو شاید معاشرتی اصلاح کا سفر شروع ہو جائے۔

SHEHAR NAMA شہر نامہ

فن و ثقافت

صبور علی نے ڈیڑھ سالہ بیٹی کو پری سکول بھیجنے کی وجہ بتا دی

کراچی: (پی این پی) پاکستانی اداکارہ صبور علی نے اپنی ڈیڑھ سالہ بیٹی سیرینا کو پری سکول بھیجنے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے بچی کی سماجی صلاحیتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ حال ہی میں صبور علی نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی، جہاں میزبان نے ان کی ڈیڑھ سالہ بیٹی کے پری سکول جانے پر حیرت کا اظہار کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہوں نے اپنی بیٹی سیرینا کو پری سکول میں داخل کروایا ہے، جہاں وہ فی الحال روزانہ صرف 15 سے 20 منٹ گزارتی ہے، کھیلتی ہے اور پھر واپس گھر آ جاتی ہے۔ صبور علی کے مطابق اس سرگرمی سے سیرینا کی سوشل سکلز بہتر ہو رہی ہیں، بچوں کے لیے یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ وہ کچھ وقت والدین سے دور کیسے رہ سکتے ہیں اور دوسروں کے ساتھ کس طرح پیش آنا چاہیے۔ اداکارہ نے بتایا کہ سکول کا تعارفی دن سیرینا کے لیے قدرے مشکل تھا اور وہ اس روز بہت روئی، جس پر انہیں شرمندگی بھی محسوس ہوئی کیونکہ وہاں موجود دیگر بچے نہیں رو رہے تھے، تاہم اب صورتحال یہ ہے کہ سیرینا سکول جانے میں دلچسپی لیتی ہے اور واپس آنے پر آمادہ نہیں ہوتی۔ صبور علی نے بتایا کہ ان کی بیٹی ویسے بھی کافی سوشل بچی ہے، تاہم پری سکول جانے سے اسے دیگر بچوں کے ساتھ میل جول کا مزید موقع مل رہا ہے۔ اداکارہ کے انٹرویو کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہے جہاں صارفین کی جانب سے اس فیصلے پر ملا جلا ردعمل سامنے آ رہا ہے۔ کچھ صارفین نے اتنی کم عمر بچی کو سکول بھیجنے کے فیصلے کو نامناسب قرار دیتے ہوئے کہا کہ بچے کا بچپن انتہائی اہم ہوتا ہے

ہانیہ عامر آؤٹ آف کنٹرول ہو رہی ہیں: جیا علی

لاہور (پی این پی) اداکارہ و سابق سپر ماڈل جیا علی نے اداکارہ ہانیہ عامر کے بارے میں سخت الفاظ میں گفتگو کی ہے۔ جیا علی نے حال ہی میں ایک پروگرام میں شرکت کی، جہاں ان سے ہانیہ عامر اور درفشاں سلیم میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے کو کہا گیا۔ جیا علی نے ہانیہ عامر کا انتخاب کیا، تاہم ان کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہانیہ عامر آؤٹ آف کنٹرول ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہانیہ عامر ایک بہترین اداکارہ ہیں، پاکستان کا چہرہ ہیں، اس لیے انہیں اپنے رویے کا خیال رکھنا چاہیے۔

سنجے دت کے تبصرے بدنیتی پر مبنی نہیں تھے، شیکھر سمن

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکار سنجے دت کے حالیہ بیان پر شیکھر سمن نے ان کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ سنجے کے الفاظ کو سیاق و سباق سے ہٹ کر لیا گیا۔ سنجے دیت نے حالیہ بیان میں کہا تھا کہ انہیں بھارت میں پہلے جیسا سکون محسوس نہیں ہوتا۔ یہ تنازع اس وقت شروع ہوا جب سنجے دت، گاندھی جینتی کے خصوصی پروگرام کے لیے شیکھر سمن کے شو شیکھر ٹونائٹ میں شریک ہوئے۔ شیکھر نے سنجے کے دفاع میں کہا کہ ان کے تبصرے نہ تو بدنیتی پر مبنی تھے اور نہ ہی ملک مخالف، سنجے کو بھارت اور اس کے عوام سے ہمیشہ گہری محبت رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنجے دت ملک اور ہم وطنوں کے لیے بے حد احترام رکھتے ہیں، انہوں نے جو کچھ کہا وہ بالکل بے ضرر اور مثبت انداز میں کہا تھا۔

کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث نہیں، راکول پریت سنگھ

ممبئی (پی این پی) تیلگو، ہندی اور تامل فلموں کی معروف اداکارہ راکول پریت سنگھ نے ان رپورٹس کی تردید کی ہے جن میں ان کے کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہونے کا دعویٰ کیا گیا تھا۔ نئی دہلی سے تعلق رکھنے والی 36 سالہ اداکارہ کا کہنا ہے کہ وہ 20 سال کی عمر سے باقاعدگی سے ٹیکس ادا کر رہی ہیں اور ان کے پاس کوئی بے نامی جائیداد نہیں ہے۔ انہوں نے میڈیا سے غلط رپورٹس واپس لینے کی اپیل بھی کی۔ پیر کو راکول پریت سنگھ نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک تفصیلی بیان جاری کرتے ہوئے ان خبروں پر سخت ردعمل کا اظہار کیا جن میں ان کے مبینہ طور پر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا دعویٰ کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ ماہ یہ اطلاعات سامنے آئی تھیں کہ محکمہ انکم ٹیکس نے ممبئی میں راکول پریت سنگھ، ان کے سسر اور فلم پروڈیوسر واشو بھگنانی اور اسٹوڈیوز سے منسلک متعدد مقامات پر تلاشی لی تھی۔ تاہم اب اداکارہ نے ان دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ گزشتہ 16 برس سے ٹیکس ادا کر رہی ہیں اور وہ ایک قانون پسند شہری ہیں۔ اپنے بیان میں انھوں نے مزید کہا یہ دیکھ کر دل دکھتا ہے کہ میڈیا میں حقائق کی تصدیق کیے بغیر خبروں کو سنسنی خیز بنانے کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے۔

میں بل گیٹس کی بیٹی ہوں: نازش جہانگیر کا سوشل میڈیا کی مبالغہ آرائی پر طنز

لاہور (پی این پی) پاکستانی اداکارہ نازش جہانگیر کا کہنا ہے کہ کس طرح ایک سادہ بیان کو توڑ مروڑ کر سنسنی خیز خبر بنا دیا جاتا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے مبالغہ آمیز خبروں پر طنزیہ ردِعمل دیتے ہوئے انسٹا اسٹوری شیئر کی ہے۔ نازش جہانگیر نے انسٹا اسٹوری میں اپنے الفاظ کو سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیے جانے اور توجہ حاصل کرنے والی سرخیوں کے لیے انہیں نئے انداز میں پیش کرنے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ اداکارہ نے طنزیہ انداز میں لکھا ہے کہ میں بل گیٹس کی بیٹی ہوں، یہ نہیں بتایا میں نے۔ اس کے بعد انہوں نے اپنی ناراضی کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہی وجہ ہے کہ مجھے اس ملک میں انٹرویوز دینا بالکل پسند نہیں، لوگ ایک سادہ سی بات کو کس طرح توڑ مروڑ دیتے ہیں، اسے مکمل طور پر سیاق و سباق سے ہٹا کر ایسا پیش کرتے ہیں جس کا مقصد ہی کچھ اور تھا۔ اداکارہ نے لکھا ہے کہ اپنی کہانی خود گھڑنے سے پہلے مکمل بات جانیں، ہر چیز کو صرف سرخی بنانے کے لیے سنسنی خیز بنانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ واضح رہے کہ نازش جہانگیر کا یہ ردِعمل ان کے حالیہ انٹرویو کے بعد سامنے آیا ہے، جس میں انہوں نے رشتوں اور اپنے ممکنہ شریکِ حیات سے متعلق ترجیحات پر گفتگو کی تھی۔ ان کے بیانات کے مختصر حصے سوشل میڈیا اور شوبز پلیٹ فارمز پر تیزی سے گردش کرنے لگے تھے۔ انٹرویو کے دوران اداکارہ سے پوچھا گیا کہ وہ کس طرح کے شخص سے شادی کرنا چاہیں گی؟ جس پر نازش نے کھل کر جواب دیتے ہوئے کہا تھا کہ میں ایسے شخص کو ترجیح دوں گی جس کی شخصیت مجھ سے ملتی جلتی ہو، جس کے ساتھ میں ہنس سکوں، زندگی سے لطف اندوز ہو سکوں اور ایک مضبوط تعلق قائم کر سکوں۔ بات چیت کے دوران موضوع دل ٹوٹنے کے تجربے کی جانب بھی گیا

بقیہ نمبر 1

عادل۔ سابق ڈپٹی سیکرٹری وزارت داخلہ عمر حیات قریشی۔ یاسین خان۔ سردار محمد۔ راجہ عادل اور دیگر اہم سیاسی سماجی شخصیات نے بھی ملاقات کی۔ ان دونوں تقریبات اور وفود سے بات چیت کرتے ہوئے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہم ماضی کی محرومیوں کا ازالہ کرنے آئے ہیں۔ اور بہت جلد ہماری پالیسیاں بتائیں گی کہ ہم اس معاشرے کی کس طرح اصلاح کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ بھی ہم کریں گے اور تعلیم کے شعبے کو جدیدیت دینے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ نمبر 2

انوار زخمی ہو گئے جن میں سے ایک کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے حادثے کے بعد زخمیوں کو فوری طور پر مانسہرہ کے کنگ عبداللہ ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ شدید زخمی کو میڈیکل کمپلیکس ایبٹ آباد منتقل کر دیا گیا ہے

بقیہ نمبر 3

مطابق خاتون مبینہ طور پر پولیس چوکی میں داخل ہوئیں اور ہیڈ کانسٹیبل سے ان ریمارکس پر باز پرس کی جو ان کے خیال میں کانسٹیبل ان کے بارے میں کر رہے تھے۔ اس دوران مبینہ طور پر زبانی تکرار ہوئی جس کے بعد خاتون نے پستول نکالا اور ان پر فائر کردیا۔ گولی مبینہ طور پر اہلکار کی جیب کے کچھ نیچے لگی لیکن ان کے بٹوے (والٹ) کے آر پار ہوگئی۔ مدعی کا کہنا تھا کہ بٹوے کی وجہ سے وہ کسی شدید زخم سے بچ گئے۔ ایف آئی آر کے مطابق، مبینہ حملہ آور خاتون بجلی کی بندش کے باعث چھائے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئیں۔ بعد ازاں پولیس نے تعزیرات پاکستان (PPC) کی دفعہ 324 کے تحت اقدام قتل کا مقدمہ درج کرلیا اور ملزمہ کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارنا شروع کردیے۔

بقیہ نمبر 4

تھا جو مبینہ طور پر امریکی احکامات کی خلاف ورزی کررہے تھے یا ایران سے متعلق مشکوک سرگرمیوں میں ملوث تھے۔ سینٹ کام کے مطابق 130 تجارتی جہازوں کو راستہ تبدیل کرنے پر مجبور کرنے کے علاوہ امریکی افواج نے ایسے تین جہازوں کو ناکارہ بھی بنایا جو مبینہ طور پر امریکی احکامات پر عمل کرنے سے انکار کررہے تھے۔

بقیہ نمبر 5

عوض 10 ہزار اے پی کے ڈبلیو ایس ٹو پریسیون گائیڈنس سسٹمز اور متعلقہ ساز وسامان فروخت کیا جائے گا۔ امریکا نے کویت کے لئے 400 ملین ڈالر کے پیٹریاٹ میزائل نظام کی مرمت اور واپسی سے متعلق خدمات کی فروخت کی بھی منظوری دی، مصر کو 832 ملین ڈالر مالیت کے جیولن میزائل نظام فراہم کرنے کی منظوری دی گئی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق تینوں مجوزہ دفاعی معاہدوں کی مجموعی مالیت تقریباً 2۔27 ارب ڈالر ہے۔

بقیہ نمبر 6

اور سینئر صحافی قمر جعفری، کو بتایا کہ پیرا فورس رائے ونڈ اخلاقی قدروں پر عوامی مسائل کے خاتمے کے لیے ادارے کی نیک نامی کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اپنے فرائض کی ادائیگی پر گامزن ہے جس کا احساس انسانیت کا پہلو یہ بھی ہے کہ عام آدمی کو قانونی کاروائی کا شکار کیے بغیر اصلاحات کا راستہ ہموار کیا جاتا ہے تاکہ عوامی گذرگاہوں پر درپیش رکاوٹوں کا خاتمہ یقینی بنایا جایا جو لوگ مستقل بنیادوں پر عوامی راستوں پر قابض ہیں ان کو بار بار اپنی کرایہ داری یا مالکانہ حدود میں جانے کی تاکید کی جاتی ہے اس کے باوجود جو عوامی مسائل کی وجہ بنے رہتے ہیں ان کے لیے قانونی حکمت عملی تشکیل دی جاتی ہے۔ حکومت پنجاب کے عوامی خدمت پر مبنی مشن کو اخلاقی کامیابی کا عملی جامہ پہنانے کے لیے اپنے ماتحت عملے کی ذہن سازی کرتا رہتا ہوں۔

بے قصور عوام پر جبر، ظلم، زیادتی کا نظریہ نہیں رکھتے اور عام شریف شہریوں کو رشوت و سفارش کے بغیر پیرا فورس کی خدمات پیش کرنے پر یقین رکھتے ہیں کیونکہ پیرا فورس ادارے کا قیام ہی عوامی مسائل کے حل پر کیا گیا ہے۔ غیر قانونی غیر اخلاقی عمل کے دائرے سے باہر کے لوگوں کو پیرا فورس سے کوئی شکایت نہ ہوئی نہ ہوگی۔

انچارج پیرا فورس رائے ونڈ اعظم شاہیگان صاحب نے عام شہریوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے عملے کی طرف سے غیر قانونی غیر اخلاقی حرکات پر نشاندھی کرتے ہوئے مجھے اطلاع کریں میں اس پر فوری اصلاحی حکمت عملی تشکیل دوں گا تاکہ ادارے کے قیام کا بنیادی وقار مجروح نہ ہو اور جو لوگ ادارے کے اندر یا باہر حکومتی اداروں کو ذاتی مفادات کے لیے بدنام کرنے کی کوشش کرتے ہیں ان کے لیے حکومت پنجاب کی طرف سے دیئے گئے اختیارات کے استعمال کا حق حاصل ہے۔

اگر ہر ذمہ دار آفیسر کی محب وطنی اور محنت عوامی و ملکی خدمت کے تناظر میں نچلے عملے میں منتقل کر دی جائے تو عوامی مسائل پر مستقل بنیادوں پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ نشست کے اختتام پر انچارج پیرا فورس رائے ونڈ اعظم شاہیگان صاحب کو انٹرنیشنل کالم نگار ظفر اقبال ظفر نے اپنی کتاب ظفریات پیش کی۔ جس پر انہوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ادبی نثر نگاری سے بے حد لگاؤ ہے کیونکہ ان میں سوچ کا زاویہ بدلنے کی طاقت ہوتی ہے۔ اس خوبصورت نشست کا اہتمام رائے ونڈ کے سینیئر صحافی جناب قمر جعفری صاحب نے کیا اور معروف کاروباری شخصیت جناب عمران شہزاد صاحب بھی اس نشست کا حصہ رہے

بقیہ نمبر 7

میڈی کیم گروپ آف کمپنیز (Medicam Group of Companies) کے چیف آپریٹنگ آفیسر جناب خرم خلیل نینی تال والا نے کی جس نے پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان کاروبار، تجارت اور اسٹریٹجک تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کیلئے بامقصد گفتگو کا ایک خوشگوار ماحول فراہم کیا۔ ظہرانے میں جناب رائے محمد طاہر اقبال، ڈائریکٹر کمرشل، میڈی کیم گروپ آف کمپنیز (Medicam Group of Companies)، جناب ممتاز سومرو، جناب ثمر عباس، جناب نسیم جانی شیخ، ڈائریکٹر ریجنل ہیڈ انڈسٹریل ریجن، کے الیکٹرک (K-Electric) ایس ایس پی اسرار احمد چنگیزی، جناب عرفان سومرو، ڈائریکٹر جنرل وزارت خارجہ، پاکستان، جناب منصور، جناب ذوالفقار علی اور دیگر معزز مہمانان اور کاروباری نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ دورے کے دوران انڈونیشیائی وفد کو میڈی کیم گروپ کی متنوع پیداواری اور صحت سے متعلق سرگرمیوں سے متعارف کرایا گیا۔ جناب رضا شاہد، سینئر منیجر کوالٹی ایشورنس اور محترمہ زمین الماس اسسٹنٹ منیجر پروڈکشن نے ایک جامع کارپوریٹ اور مصنوعات کی پریزنٹیشن پیش کی جس میں گروپ کی پیداواری صلاحیتوں، کوالٹی مینجمنٹ سسٹمز، دواسازی کی مصنوعات، صحت سے متعلق مصنوعات اور پرسنل کیئر پورٹ فولیو کا احاطہ کیا گیا۔ پریزنٹیشن اور بعد ازاں ہونے والی گفتگو کے دوران انڈونیشیا کے قونصل جنرل نے میڈی کیم گروپ کے ساتھ کاروباری تعلقات استوار کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور کمپنی کو انڈونیشیا کی مارکیٹ میں مواقع تلاش کرنے کی ترغیب دی۔ گفتگو میں ایسے تجارتی روابط قائم کرنے کے امکانات کو اجاگر کیا گیا جو مصنوعات کی رجسٹریشن، تقسیم، برآمدات اور انڈونیشیا میں طویل المدتی مارکیٹ ڈویلپمنٹ میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ خصوصی توجہ Gripe Water پر دی گئی، جو ڈبلیو وڈ ورڈ پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ (W.Woodward Pakistan Private Limited) کی تیار کردہ ہے۔ قونصل جنرل نے اس پراڈکٹ اور انڈونیشیا کی صارف مارکیٹ میں اس کی صلاحیت میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا۔ Natural Balm اور Infa Balm نے بھی خصوصی دلچسپی حاصل کی، جبکہ ان کی قدرتی خصوصیات اور صارفین پر مرکوز صحت سے متعلق استعمال کو مارکیٹ میں تلاش کیلئے امید افزا شعبوں کے طور پر شناخت کیا گیا۔ گفتگو میں لی-مینڈوزا فارماسیوٹیکلز پرائیویٹ لمیٹڈ (Le-Mendoza Pharmaceuticals Private Limited) کی تیار کردہ اینٹی بائیوٹک مصنوعات کے پورٹ فولیو کا بھی احاطہ کیا گیا۔ قونصل جنرل نے ان مصنوعات میں خاصی دلچسپی کا اظہار کیا، جس سے دواسازی کے شعبے میں تعاون اور انڈونیشیا کی مارکیٹ میں توسیع کے ممکنہ مواقع کی نشاندہی ہوئی۔ گفتگو میں مزید انڈونیشیا کی مارکیٹ میں داخلے سے متعلق عملی مواقع اور تقاضوں کا جائزہ لیا گیا، جن میں ریگولیٹری منظوری، مصنوعات کی رجسٹریشن، تقسیم اور برآمدات شامل ہیں۔ اس تبادلہ خیال سے دونوں جانب قابل عمل مواقع تلاش کرنے اور دیرپا تعاون کی بنیاد رکھنے میں مشترکہ دلچسپی کا اظہار ہوا۔ میڈی کیم گروپ آف کمپنیز (Medicam Group of Companies) نے انڈونیشیا کے قونصل جنرل کی جانب سے ظاہر کی گئی دلچسپی کو سراہا اور مضبوط تجارتی روابط کے امکانات تلاش کرنے کے اس موقع کا خیر مقدم کیا۔ گروپ انڈونیشیائی شراکت داروں کے ساتھ مزید بات چیت کا منتظر ہے، جس کا مقصد باہمی طور پر مفید کاروباری مواقع پیدا کرنا اور دواسازی، صحت اور صارفین کی مصنوعات کے شعبوں میں پاکستان اور انڈونیشیا کے تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہے

بقیہ نمبر 8

کے کچھ دیر بعد عوامی طور پر دستیاب فلائٹ ٹریکنگ ڈیٹا سے غائب ہوگیا۔ رپورٹس کے مطابق ہیلی کاپٹر سکورسکی ایم ایچ-60 آر سی ہاک نے مشرقی وقت کے مطابق تقریباً شام 5 بج کر 20 منٹ پر سعودی عرب کے مغربی ساحل پر واقع شہر ینبع کے قریب ہنگامی حالت کا اعلان کیا۔ فلائٹ ٹریکنگ ڈیٹا کے مطابق ہنگامی حالت کا اعلان کیے جانے کے وقت ہیلی کاپٹر تقریباً 475 فٹ کی بلندی پر تھا، اس کے بعد ظاہر ہونے والی اس کی پرواز کی بلندی صفر تک گر گئی، جس کے بعد ہیلی کاپٹر ٹریکنگ سروس سے غائب ہوگیا۔ گزشتہ شام تک امریکی بحریہ نے واقعے کی باضابطہ طور پر تصدیق نہیں کی تھی اور نہ ہی ہیلی کاپٹر کے عملے یا اس کی حالت سے متعلق کوئی معلومات فراہم کی تھیں جبکہ ہنگامی حالت کی وجہ بھی فوری طور پر معلوم نہیں ہوسکی۔ سوشل میڈیا پر بعض رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ہیلی کاپٹر ممکنہ طور پر حادثے کا شکار ہوگیا ہے، تاہم اس کے گر کر تباہ ہونے کی کوئی سرکاری تصدیق نہیں ہوئی۔

بقیہ نمبر 9

مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے اہم موقع فراہم کرے گی۔ انسٹی ٹیوٹ آف پیس اینڈ ڈپلومیٹک اسٹڈیز کے زیر اہتمام پوسٹ بشکیک ایس سی او سمٹ 2026، چیلنجز اور پاکستان کی صدارت کے موضوع پر ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پاس ایس سی او سربراہ اجلاس کی تیاری اور تنظیم کے مرکزی موضوع اور ویژن کو عملی اقدامات میں بدلنے کے لیے ایک سال سے بھی کم عرصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ستمبر کے اواخر میں ایس سی او کونسل آف نیشنل کوآرڈینیٹرز کا پہلا اجلاس منعقد کرکے کثیرالجہتی رابطہ کاری کا آغاز کردیا ہے۔ پاکستان کی ترجیحات میں ڈیجیٹل تجارت، کثیرالجہتی ٹرانزٹ کوریڈورز، انفراسٹرکچر کی ترقی، مصنوعی ذہانت کی حکمرانی اور اقتصادی تعاون کا فروغ شامل ہونا چاہیے، جبکہ نئی ٹیکنالوجیز کی ترقی میں ایس سی او کے رکن ممالک کو پیچھے نہیں رہنا چاہیے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ 2027 کا ایس سی او سربراہ اجلاس اقتصادی و سلامتی تعاون کو مزید گہرا کرنے اور بدلتے ہوئے عالمی نظام کی عکاسی کے لیے اہم پلیٹ فارم ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے یوریشیائی ٹرانزٹ نیٹ ورکس کو فعال بنانے، چین پاکستان اقتصادی راہداری کو وسطی ایشیائی ریاستوں سے جوڑنے اور انہیں بحیرہ عرب تک براہِ راست رسائی فراہم کرنے کی تجویز دی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد بشکیک سربراہ اجلاس میں منظور کیے گئے چیلنجز اور خطرات سے نمٹنے کے یونیورسل سینٹر کے عملی آغاز کی میزبانی بھی کرسکتا ہے، جس سے علاقائی انٹیلی جنس شیئرنگ اور سرحد پار انسداد دہشت گردی کے موثر طریقہ کار کو فروغ ملے گا۔ سردار مسعود خان نے ایس سی او کے تحت سرحد پار آبی وسائل کے انتظام، قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری اور گرین ٹیکنالوجی پر مشتمل مشترکہ ماحولیاتی و آبی فریم ورک تشکیل دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سربراہ اجلاس میں مجوزہ ایس سی او ڈویلپمنٹ بینک پر پیش رفت بھی زیر بحث آنے کا امکان ہے، جو انٹربینک کنسورشیم اور دیگر موجودہ ترقیاتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ایک قابل اعتماد سفارتی مرکز اور بڑی طاقتوں کے درمیان توازن کے لیے مضبوط اسٹریٹجک مرکز کے طور پر ابھر سکتا ہے۔ اہم عالمی رہنماؤں کی شرکت ایس سی او کے سلامتی، تجارت اور منصفانہ ٹیکنالوجی گورننس میں بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی کرے گی۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ ایس سی او کو محض ایک گفت وشنید کے فورم یا مشرقی دنیا کے نیٹو کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے بلکہ یہ کثیر قطبی عالمی نظام کی تشکیل کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم بن رہا ہے، جو اقوام متحدہ، بین الاقوامی قانون کی بالادستی اور دہشت گردی، علیحدگی پسندی و انتہاپسندی کے خلاف اجتماعی جدوجہد کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 10

کی جانب سے کوڑا پھیلانے اور جلانے کے خلاف کارروائیاں اور شہریوں کو صفائی کا شعور اجاگر کرنے کا سلسلہ جاری ہے، کمیونیکیشن ٹیم نے مختلف مارکیٹوں میں شاپ ٹو شاپ آگاہی مہم کے دوران دکانداروں اور شہریوں کو کوڑا مقررہ مقامات پر ڈالنے، لٹرنگ سے گریز اور سموگ کے تدارک کے حوالے سے آگاہ کیا۔ مینیجر آپریشنز ڈسٹرکٹ راولپنڈی عامر یونس نائیک نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے صفائی آپریشن کا معائنہ کیا اور فیلڈ میں موجود صفائی ورکرز سے ملاقات کرکے ان کے مسائل اور کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے فیلڈ ٹیموں کو مؤثر انداز میں کام جاری رکھنے کی ہدایت کی

بقیہ نمبر 11

ستمبر میں یکم تا آٹھ اکتوبر ''آفات سے آگاہی کا ہفتہ'' بھرپور انداز میں منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (DDMA)، ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام مختلف تعلیمی اداروں میں آگاہی سیمینارز، تربیتی نشستوں اور عملی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ آفات سے آگاہی ہفتہ منانے کا بنیادی مقصد عوام، طلبہ، اساتذہ اور معاشرے کے مختلف طبقات میں قدرتی و انسانی ساختہ آفات کے ممکنہ خطرات، حفاظتی تدابیر، پیشگی تیاری اور ہنگامی صورتحال میں مؤثر و بروقت ردعمل کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ اس سلسلے میں مختلف سکولوں اور کالجز میں منعقدہ آگاہی و تربیتی سرگرمیوں کے دوران طلبہ اور تعلیمی اداروں کے سٹاف کو فرسٹ ایڈ، فائر سیفٹی، ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل، انخلا کے محفوظ طریقہ کار اور دیگر حفاظتی اقدامات کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ آفات سے آگاہی کے اس پروگرام کو مدارس تک بھی وسعت دی گئی ہے، جہاں طلبہ میں ''قدرتی آفات اور ماحولیاتی تبدیلیاں'' کے موضوع پر تقریری مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ان سرگرمیوں کا مقصد نوجوان نسل کو ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات، قدرتی آفات کے بڑھتے ہوئے خطرات اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاری کی اہمیت سے روشناس کرانا ہے۔ آگاہی و تربیتی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ، اساتذہ اور عوام میں احتیاط، پیشگی تیاری، بروقت اور درست ردعمل، باہمی تعاون اور ذمہ دارانہ رویے کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، تاکہ کسی بھی قدرتی یا انسانی ساختہ آفت کی صورت میں جانی و مالی نقصانات کو کم سے کم کیا جا سکے۔ متعلقہ اداروں کی جانب سے شہریوں پر زور دیا جا رہا ہے کہ وہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے بنیادی اصولوں سے آگاہی حاصل کریں، حفاظتی ہدایات پر عمل کریں اور کسی بھی ناگہانی صورتحال میں گھبراہٹ کے بجائے دانشمندی، احتیاط اور باہمی تعاون کا مظاہرہ کریں۔ انچارج ڈی ڈی ایم مبشر مشتاق نے بتایا کہ ''آفات سے آگاہی کا ہفتہ'' محض ایک ہفتے تک محدود سرگرمی نہیں بلکہ ایک محفوظ، باخبر، ذمہ دار اور باہمت معاشرے کی تشکیل کی جانب اہم قدم ہے۔ آفات کو ہمیشہ روکا نہیں جا سکتا، تاہم بروقت آگاہی، مؤثر منصوبہ بندی، مناسب تیاری اور حفاظتی اقدامات کے ذریعے ان کے ممکنہ نقصانات میں نمایاں کمی لائی جا سکتی ہے۔ پیغام ''آگاہی'' آفت سے پہلے تیاری، آفت کے وقت احتیاط اور بروقت ردعمل ہی محفوظ معاشرے کی ضمانت ہے۔''

بقیہ نمبر 12

ولد فضل نامی 22 سالہ نوجوان آسمانی بجلی کی زد میں آکر شدید زخمی ہوگیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی 1122 کی میڈیکل ٹیمیں فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں۔ امدادی اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر متاثرہ نوجوان کو فوری طبی امداد فراہم کی اور اس کی جان بچانے کے لیے سی پی آر بھی کی تاہم مسلسل کوششوں کے باوجود نوید جانبر نہ ہوسکا۔ 1122 اہلکاروں نے ضروری کارروائی کے بعد نوجوان کی نعش ٹی ایچ کیو ہسپتال حضرو منتقل کردی۔ 22 سالہ نوجوان جاں بحق ہونے کے اس دلخراش واقعے کے بعد علاقے کی فضا سوگوار رہی جبکہ حکام نے شہریوں کو خراب موسم کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے

بقیہ نمبر 13

چوہدری ریاض، خادم درگاہ حضرت بری امام سرکارؒ حضرت کلو بابا سرکارؒ راجہ سرفراز اکرم، ڈاکٹر ریاض شہباز جنجوعہ، محسن بیگ، راجہ اقتیاز جنجوعہ، راجہ سہیل یوسف، ملک امین، نعیم اعظم خان، فیصل خان آف گولڑہ، ڈاکٹر آصف جنجوعہ، راجہ شہزاد جنجوعہ، راجہ ایاز جنجوعہ، سید اسرار حسین شاہ بخاری اور چوہدری منظور سمیت دیگر شخصیات نے مزار شریف پر حاضری دی۔ اس موقع پر معزز شخصیات نے مزار شریف پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، جبکہ ملک وقوم کی سلامتی، خوشحالی، امن واستحکام اور امت مسلمہ کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔ عرس کی تقریبات کے دوران مزار شریف پر روحانی محافل، حمد ونعت و محفل سماع، ذکر و اذکار اور دیگر مذہبی پروگرام سمیت نیزہ بازی کے مقابلے بھی جاری ہیں، محفل حمد ونعت میں ملک معروف نعت خواں حضرات الحاج تسلیم احمد صابری، الحاج شہباز قمر صابری، الحاج عبدالرزاق جامی، محمد عامر فیاضی، محمود الحسن اشرفی، محمد خاور نقشبندی، محمد بلال حیدر، محمد رضوان خالد اور قاری سید مزمل ہاشمی سمیت دیگر نے اپنے فن سے محفل میں چار چاند لگا دیئے، عرس کے دوران زائرین کی سہولت کیلئے سکیورٹی کے لیے انتظامات کیے گئے ہیں

بقیہ نمبر 14

جنرل سیکرٹری راولپنڈی انجمن تاجران راجہ توحید، موبائل ایسوسی ایشن راولپنڈی کے صدر ساجد بٹ سمیت دیگر تاجر رہنماؤں نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ہوٹلز ایسوسی ایشن راولپنڈی کے نومنتخب صدر راجہ محمود، چیئرمین چوہدری احمد رضا، وائس چیئرمین حفیظ چوہدری، جنرل سیکرٹری چوہدری رشید بانیان، نائب صدر شیر بان اکبر اور دیگر عہدیداران نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھایا۔ اس موقع پر تاجر رہنماؤں نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مقررین نے کہا کہ ہوٹلز ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران تاجر برادری اور ہوٹل مالکان کے مسائل کے حل، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور متعلقہ اداروں کے ساتھ بہتر رابطے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ مقررین نے کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کررہی ہے، اس لیے حکومت اور متعلقہ اداروں کو تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے نومنتخب کابینہ کے لیے کامیابی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر نومنتخب عہدیداران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ہوٹل انڈسٹری سے وابستہ افراد کے مسائل کے حل اور ایسوسی ایشن کو مزید فعال بنانے کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے

بقیہ نمبر 15

کے دوران کانسٹیبل عاصم علی کی وردی پھاڑنے اور سب انسپکٹر رمضان سے سرکاری وائرلیس چھیننے کا واقعہ پیش آیا۔ ایف آئی آر کے مطابق کنیال بجرانہ میں وقاص، عاقب اور مدثر نامی ملزمان نے مبینہ طور پر دو بھائیوں کو اسلحہ کے زور پر اغوا کرکے اپنے ڈیرے پر لے گئے۔ متاثرہ نوجوان کے بیان کے مطابق ملزمان نے اسلحہ کی نوک پر اس کے کپڑے اتروائے، نازیبا ویڈیو بنائی اور مبینہ طور پر بدفعلی کی کوشش کی، جبکہ موبائل فون اور پرس بھی چھین لیا۔ متاثرہ نوجوان کے مطابق ملزمان نے دھمکی دی کہ اگر وہ دوبارہ ان کے ڈیرے پر نہ آیا تو ویڈیو وائرل کردی جائے گی۔ پولیس کے مطابق مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے انچارج چوکی دولتالہ کی سربراہی میں پولیس ٹیم مخبر کی اطلاع پر کنیال بجرانہ پہنچی۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق وہاں وقاص سمیت دیگر تقریباً 15 افراد پہلے سے اسلحہ اور کلہاڑیوں سے لیس موجود تھے، جنہوں نے پولیس ٹیم کو دیکھتے ہی مبینہ طور پر فائرنگ شروع کردی اور حملہ کردیا۔ مبینہ حملے کے دوران کانسٹیبل عاصم علی کو گریبان سے پکڑ کر وردی پھاڑ دی گئی، جبکہ مرکزی ملزم وقاص نے مزاحمت کے دوران سب انسپکٹر رمضان سے سرکاری وائرلیس موٹرولا سیٹ مبینہ طور پر چھین لیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے دیگر ساتھیوں نے بھی مزاحمت کی، تاہم پولیس ٹیم نے ابتدائی کارروائی میں دو افراد کو قابو کرلیا۔ پولیس نے ٹیم پر مبینہ حملے میں ملوث ملزمان کے خلاف اقدام قتل، کارسرکار میں مداخلت اور دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا ہے

بقیہ نمبر 16

جٹ نے مطالبہ کیا کہ فی الحال گرفتار کیے گئے تمام دکانداروں کو فوری طور پر رہا کیا جائے، بصورت دیگر تاجر برادری احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ تاجر برادری نے اس اقدام کو کاروبار دشمن قرار دیتے ہوئے اسے مسترد کردیا ہے

بقیہ نمبر 17

کو یونیورسٹی کی اہم ترجیحات قرار دیا۔ ملاقات کے دوران زرعی علوم، جیو اسپیشل ٹیکنالوجیز، ریموٹ سینسنگ، موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ زراعت، مشترکہ تحقیقی منصوبوں، طلبہ و اساتذہ کے تبادلے اور استعداد کار میں اضافے کے شعبوں میں ممکنہ تعاون پر بھی غور کیا گیا۔ ڈاکٹر ڈینئل سعود نے یونیورسٹی کی مختلف تحقیقی سہولیات کا بھی دورہ کیا اور اساتذہ و محققین سے ملاقات کی۔ انہیں جاری تحقیقی منصوبوں اور زراعت، غذائی تحفظ، موسمیاتی تبدیلیوں اور پائیدار وسائل کے انتظام کے لیے استعمال ہونے والی جدید ٹیکنالوجیز سے آگاہ کیا گیا۔ ڈاکٹر ڈینئل سعود نے یونیورسٹی کی تحقیقی و اختراعی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے باہمی مفاد پر مبنی ادارہ جاتی روابط کے فروغ میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں جانب سے اس امر پر زور دیا گیا کہ بین الاقوامی تعلیمی شراکت داری مشترکہ تحقیق، علم کے تبادلے اور طلبہ و محققین کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے

بقیہ نمبر 18

وکٹیں حاصل کیں جبکہ حارث رؤف نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا راولپنڈی میں ایم آئی ٹی سلوشنز نے 54 اوورز میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 186 رنز بنائے حسنین ندیم 87 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے جبکہ محمد فاروق نے 56 رنز کی اننگز کھیلی۔ او جی ڈی سی ایل کے آفتاب احمد نے 39 رنز دے کر پانچ وکٹیں حاصل کیں اسلام آباد میں کنگز مین اکیڈمی نے سات اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 31 رنز بنائے محمد حریرہ 15 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے

بقیہ نمبر 19

گھیراؤ سے تنگ آچکے ہیں وہ امن، روزگار اور استحکام چاہتے ہیں۔ امید کی جانی چاہیے کہ سیاسی قیادت بصیرت کا مظاہرہ کرے گی اور ملک کو ایک روشن اور مستحکم مستقبل کی طرف لے جانے کیلئے مذاکرات کا راستہ اپنائے گی کیونکہ اس کے علاوہ اور کوئی راستہ بھی نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 20

اسلام آباد اور اس کے مضافاتی علاقوں ترلائی کلاں، علی پور، لہتر اڑ روڈ، بھارہ کہو، کورال، سوہان، شہزاد ٹاؤن، کھنہ، غوری ٹاؤن اور گردونواح میں شہری کئی کئی گھنٹے بجلی کی بندش کا سامنا کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ نے گھریلو معمولات، کاروباری سرگرمیوں، تعلیمی امور اور آن لائن کام کو بری طرح متاثر کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی بحران کی بڑی وجوہات میں بعض اہم پاور پلانٹس کا تکنیکی خرابیوں کے باعث بند ہونا، گیس کی محدود دستیابی، ڈیزل کی بڑھتی قیمتوں کے باعث مہنگی پیداوار، آبی ذخائر میں کمی اور ترسیلی نظام کی کمزوریاں شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سسٹم سے باہر ہونے والے بعض پاور پلانٹس کی واپسی 16 اکتوبر تک متوقع ہے، جس کے بعد صورتحال میں بہتری آنے کا امکان ہے۔ دوسری جانب عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے توانائی بحران کے خاتمے کے دعوؤں کے باوجود شہری آج بھی لوڈشیڈنگ، مہنگی بجلی اور ناقص سروس کا سامنا کر رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر بھی شہریوں نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ اگر بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے تو پھر بار بار لوڈشیڈنگ کیوں کی جارہی ہے۔ شہریوں، تاجروں اور صنعتکاروں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت فوری طور پر بجلی کی پیداوار اور ترسیل کے مسائل حل کرے، خراب پاور پلانٹس کو جلد بحال کیا جائے اور عوام کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے نجات دلائی جائے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ گیس، بجلی، پانی اور مہنگائی کے دوہرے اور سہرے بوجھ نے عام آدمی کی زندگی مزید دشوار بنادی ہے

بقیہ نمبر 21

نہیں ہے اور ہر مسئلے کا حل صرف ''ڈنڈا'' بنا دیا گیا ہے، مقامی تاجروں کے حقیقی مسائل سنے جائیں، ایف بی آر سمیت تمام سرکاری اداروں میں شفافیت یقینی بنائی جائے اور کاروباری طبقے کو منصفانہ، شفاف اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے، اگر شاپنگ بیگز پر پابندی عائد ہے تو پہلے ان کی تیاری کرنے والی فیکٹریاں بند کی جائیں اور تاجروں اور عوام کو متبادل فراہم کیا جائے، بات نہ سنی گئی تو پورا اسلام آباد بند کرکے وزیراعظم ہاؤس کی طرف مارچ کیا جائے گا، اجمل بلوچ نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد کی تمام مارکیٹوں کے تاجر راہنماؤں خالد چوہدری، سید الطاف حسین شاہ، اظہر آزاد، کامران کا کا خیل، راجہ ذوالفقار، سید عامر شاہ، مظفر ہاشمی، نثار لنگاہ، عرفان چوہدری، ظفر گجر، عجب گل، وسیم عباسی، جمیل قریشی، ڈاکٹر سعید، محمود حسین، سناور خان، محمد حسین، جواد گجر، ظہور اعوان، عبداللہ اسماعیل، و دیگر کے ہمراہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، اجمل بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ ہم سب اس بات پر متفق ہیں کہ ماحول کو صاف رکھنا چاہیے، آلودگی کا خاتمہ ہونا چاہیے اور ایسی اشیاء کے استعمال کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے جو ماحول کے لیے نقصان دہ ہیں، شاپر بیگ اگر غیر قانونی ہے تو یہ بن کہاں رہا ہے؟ یہ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ مسئلے کی جڑ پر ہاتھ ڈالیں، نہ کہ دکاندار کے ہاتھ سے شاپر چھین کر اسے مجرم بنا دیں۔ ایک عام دکاندار کوئی کرمنل، دہشت گرد، سمگلر یا کوئی بدمعاش نہیں۔ حکومت شاپر کا متبادل بھی تو دیں پھر تاجر اور عوام بھی اس پالیسی پر عمل کریں گے۔ تاجر کی تذلیل نہ کی جائے، اسے ہراساں نہ کیا جائے، ہم حکومت کے ساتھ مل کر مسئلے کا حل چاہتے ہیں تاکہ ماحول بھی بچا سکیں اور کاروبار بھی چلا سکیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ حکومت تاجروں کو اعتماد میں لے، متبادل فراہم کرے، صنعتوں کو پابند کرے، اسمگلنگ روکے اور پھر قانون پر عملدرآمد یقینی بنائے۔ تاجر ماحول دشمن نہیں ہے۔ وہ بھی چاہتا ہے کہ اسلام آباد صاف، خوبصورت اور آلودگی سے پاک شہر ہو۔ لیکن ماحول کی حفاظت کے نام پر تاجر کی عزت نفس مجروح کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ شاپر بیگ کا قابل عمل اور سستا متبادل فوری طور پر مارکیٹ میں دستیاب کیا جائے، غیر قانونی شاپر بنانے والی فیکٹریوں کے خلاف کارروائی کی جائے، اسمگلنگ کے راستے بند کیے جائیں اور غیر قانونی سپلائی کو روکا، تاجروں کو ہراساں، بے عزت اور تذلیل کرنے کے بجائے انہیں اعتماد میں لیا جائے، قانون پر عملدرآمد کے لیے واضح، یکساں اور باعزت طریقہ کار بنایا جائے۔ ڈنڈا مسئلے کا حل نہیں ہے۔ ملک بھر میں تاجر اور عام شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ حکومت ان کے مسائل حل کرنے کے بجائے ٹیکسز، جرمانوں اور انتظامی اقدامات کا بوجھ بڑھا رہی ہے۔ حکومت کو پہلے عوام کے لیے بنیادی سہولیات یقینی بنانی چاہئیں اور اس کے بعد قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرانا چاہیے۔ اجمل بلوچ نے زور دیا کہ ملک میں قانون سب کے لیے برابر ہونا چاہیے اور غریب کے خلاف فوری کارروائی جبکہ بااثر افراد کو رعایت ملنے کا تاثر ختم ہونا چاہیے۔ انہوں نے کرپشن کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات اور سخت سزاؤں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی نے ملکی معیشت اور اداروں کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے ایف بی آر کے نظام پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تاجروں کو دفاتر کے چکر لگانے، نوٹسز اور مبینہ ہراسانی سے نجات دلائی جائے۔ اجمل بلوچ نے کہا کہ اگر حکومت تاجروں سے ٹیکس وصول کرنا چاہتی ہے تو پہلے انہیں کاروبار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے، جس میں سستی بجلی، سکیورٹی، پارکنگ اور دیگر بنیادی سہولیات شامل ہیں۔ ایسا نظام متعارف کرایا جائے جس کے تحت تاجر اپنے موبائل فون کے ذریعے خود ٹیکس ادا کرسکیں اور انہیں پہلے سے معلوم ہو کہ انہیں کتنا ٹیکس ادا کرنا ہے انہوں نے کہا کہ جب دکاندار پہلے ہی کاروباری مشکلات کا شکار ہوں تو ان پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنا مسائل میں اضافے کے مترادف ہے دکاندار کو مجرم بنانے کے بجائے اصل مسئلہ ختم کریں۔ ڈنڈا چھوڑیں، راستہ نکالیں۔ ہم حکومت کے ساتھ ہیں، لیکن تاجر کی عزت، روزگار اور کاروبار کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ کل بروز جمعرات 8 اکتوبر سہ پہر تین بجے سے شام 5 بجے تک کاروبار بند رہے گا اور تمام تاجر اپنی اپنی مارکیٹوں کے باہر احتجاج کریں گے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کی بات نہ سنی گئی تو پورا اسلام آباد بند کر کے وزیراعظم ہاؤس کی طرف مارچ کیا جائے گا

بقیہ نمبر 22

شکار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق طوفانی بارش سے لنڈی کوتل کی ندی نالوں میں طغیانی کی کیفیت پیدا ہوگئی جس سے مختلف مقامات پر پانی سڑکوں پر تیرنے لگا اور سیلابی ریلے کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیلابی ریلے سے پاک افغان شاہراہ مختلف مقامات پر ٹریفک کے لئے بند کردی گئی جس سے شاہراہ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی ہیں۔ شدید آندھی و تیز بارش و ژالہ باری کا سلسلہ ضلع خیبر کی تینوں تحصیلوں جمرود، لنڈی کوتل اور باڑہ میں جاری ہے جس سے موسم سرد و خوشگوار ہوگیا جبکہ اس سے علاقے میں سیلاب کا خطرہ منڈلانے لگا ہے

بقیہ نمبر 23

ٹریڈ ہو رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق جی سیون ممالک کی جانب سے ہنگامی ذخائر جاری کرنے کے فیصلے سے رسد کے حوالے سے خدشات میں کمی آئی ہے

بقیہ نمبر 24

کے مطابق دونوں کی لاشیں ایک ویران مقام سے ملیں پوسٹ مارٹم اور قانونی کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں جبکہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے جبکہ مبینہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس چھاپوں کا سلسلہ بھی جاری ہے ذرائع کے مطابق واقعے کے اصل محرکات تفتیش مکمل ہونے کے بعد سامنے آنے کا امکان ہے

بقیہ نمبر 25

ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاق کی پالیسی پر عمل کرنا صوبائی حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے، دہشت گردی کے خلاف پالیسی بنانے کا وفاقی حکومت کو آئینی اختیار حاصل ہے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا عسکری قیادت، سیاسی قیادت اور وفاقی حکومت کا یہ فیصلہ ہے کہ دہشتگردی کی جنگ جو پاکستان پر مسلط کردی گئی ہے اسے حتمی نتیجے تک پہنچایا جائے، دہشت گردوں کے ٹریننگ کیمپ میں اسرائیل کے لوگ بھی آکر ان کو ٹیکنالوجی کی ٹریننگ دے رہے ہیں یہ ڈرونز اس سے پہلے تو افغان طالبان نے نہیں چلائے تھے۔ خیبر پختونخوا کی حکومت کو دہشتگردی کے خلاف اس پالیسی اور آپریشن میں کردار نبھانا ہوگا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا اپوزیشن کے ساتھ رابطے تو پہلے بھی تھے اب بھی رابطے ہیں، ہم اپوزیشن کی جانب سے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں مثبت پیش رفت کی یقین دہانی کے بعد دوبارہ مذاکرات کیلئے بیٹھ سکتے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا یہ کہتے ہیں ان سے مذاکرات کریں ان کے ساتھ مذاکرات کرتے 15 سال گزر گئے۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ طالبان کے ساتھ قطر، سعودی عرب، ترکیے اور چین نے مذاکرات کیے وہ کسی بات پر آ ہی نہیں رہے، دہشت گردی کے واقعات میں ملوث لوگ افغانستان سے ٹریننگ لے کر آتے ہیں وہیں سے کنٹرول ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی وفاقی حکومت میں پالیسی بنائی کہ دہشت گردوں کو عام معافی دے کر واپس لانا ہے، پی ٹی آئی دور میں اپوزیشن سے مشاورت نہیں صرف بریفنگ دی گئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی حکومت کی اس پالیسی کی سابق فاٹا کے لوگوں نے مخالفت کی تھی فاٹا کے لوگوں نے کہا کہ یہ لوگ واپس آکر وہی کچھ کریں گے جو پہلے کرتے رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس وقت کی حکومت کا موقف تھا کہ دہشت گرد ہتھیار رکھ دیں گے اور قانون کے مطابق زندگی گزاریں گے۔ بیرونی جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے اسٹریٹیجک فیصلے اوپن فورم پر نہیں ہوتے۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاسی مسائل، عمران خان کی صحت اور ملاقاتوں سے متعلق ساری چیزیں طے ہوگئی تھیں، عمران خان سے ملاقات اور ذاتی معالجین پر تو ہم متفق ہوگئے تھے ہم نے کہا کہ ذاتی معالجین کے لئے عدالت چلے جائیں انہوں نے کہا کہ فائنل ڈرافٹ کے بعد جب یہ کمرے میں گئے تو وہاں ان کا اسٹے کچھ لمبا ہوا پی ٹی آئی والے کمرے سے باہر آئے تو کہا کہ یہ پالیسی مشاورت نہیں، اتفاق رائے سے ہو، ان کا کہنا تھا کہ یہ تو وفاقی حکومت کا اختیار ہے کہ بیرونی جارحیت پر پالیسی بنائے، اس پالیسی پر آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ہم متفق ہوئے تو پالیسی بنائیں گے پالیسی سے متعلق پی ٹی آئی کا موقف آئینی اور قانونی طور پر غلط ہے۔ دہشت گردی کے خلاف پالیسی پر مثبت پیشرفت کی یقین دہانی پر دوبارہ بیٹھا جاسکتا ہے۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کو حق نہیں کہ بیرونی جارحیت سے متعلق پالیسی پر وفاق کو اتفاق رائے پر مجبور کرے۔ سہیل آفریدی نے جو لانگ مارچ لکی مروت سے شروع کیا وہاں تین چار ہزار آدمی تھے اس سے اندازہ لگالیں کہ اس لانگ مارچ کا آگے جاکر کیا حال ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ لکی مروت جہاں انہوں نے 4 ہزار افراد جمع کیے وہاں 10 افراد جمع نہیں ہوسکتے وہاں اس خوف سے لوگ جمع نہیں ہوتے کہ دہشت گردوں کا حملہ نہ ہوجائے۔ انہوں نے کہا کہ تین چار ہزار لوگ لانگ مارچ سے متعلق تو مایوس کن تعداد ہے چار ہزار لوگوں کے باوجود ان کو پوری تسلی تھی کہ ان پر حملہ نہیں ہونا ہے بات وہی ہے کہ یہ ان کی حمایت کرتے ہیں اور وہ ان کی حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 26

ستیاں ارشد اقبال، میاں تیمور، ڈی ایس پی عرفان بٹ، اے ڈی پنجاب فوڈ اتھارٹی، ڈی ڈی لوکل گورنمنٹ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ مری ڈوگلی ستیاں، رانا کرامت علی ڈسٹرکٹ ڈینگی فوکل پرسن و ہیلتھ انسپکٹر مری کے علاوہ تمام محکمہ جات کے سربراہان اور ضلع بھر کے ڈینگی سپروائزر نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت جاری کی کہ ڈینگی وائرس سے بچاؤ کے لیے تمام محکمہ جات اپنا اپنا کردار ادا کریں۔ اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ نمبر 27

جاری کیے گئے تھے، جنہیں خفیہ رکھا گیا۔ طالبان رہنماؤں پر انسانیت کے خلاف جرائم، خواتین و لڑکیوں کے خلاف منظم جبر کا الزام ہے۔ عالمی فوجداری عدالت کا اپنے فیصلے میں کہنا تھا کہ طالبانی قیادت صنفی بنیادوں پر خواتین، لڑکیوں اور دیگر افراد کو نشانہ بنارہی ہے۔

بقیہ نمبر 28

اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کھلاڑیوں کی یہ کامیابی ان کی محنت، جذبے، عزم اور کھیلوں کے میدان میں بہترین کارکردگی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صحت مند پنجاب کے خواب کو تعبیر دینے اور نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کا رجحان بڑھانے کے لئے سپورٹس سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ راولپنڈی ڈویژن کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 گولڈ، 6 سلور اور 10 برونز میڈلز اپنے نام کیے۔ تفصیلات کے مطابق گولڈ میڈلسٹ پہلی پوزیشن میں راولپنڈی ڈویژن کی جانب سے بیڈمنٹن میل ٹیم نے گولڈ میڈل حاصل کیا، جبکہ اتھلیٹکس میں آمنہ عقیل اور بشریٰ ارشد نے گولڈ میڈلز جیتے۔ ووشو میل میں محمد ارشد اور مسیب شفیع نے پہلی پوزیشن حاصل کرکے گولڈ میڈلز اپنے نام کیے۔ اسی طرح دوسری پوزیشن سلور میڈلز حاصل کرنے والوں میں والی بال فیمیل ٹیم، اتھلیٹکس فیمیل کی فاطمہ عقیل اور مہوش کریم، ووشو میل کے محمد فہیم اور محمد حسین جبکہ اتھلیٹکس میل کے اللہ دتہ شامل ہیں۔ تیسری پوزیشن حاصل کرکے برونز میڈلز جیتنے والوں میں اتھلیٹکس فیمیل کی پکیزہ امجد اور آمنہ خان، اتھلیٹکس میل کے عبدالوسے، ووشو فیمیل کی ردا فاطمہ، اذکا نور، مومنہ ارشاد اور عروہ ماہین، ووشو میل کے ارحم عباسی اور شعیب ملک جبکہ جمناسٹک میل کے عبادت انور شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 29

فضل الرحمان نے کہا کہ جو اس وقت ملک کے اندر سیاسی صورتحال ہے اور ہماری سیاست عدم توازن کا شکار ہے، حکمرانوں کا حزب اختلاف کے ساتھ جو رویہ ہے اس حوالے سے مختلف تجاویز سامنے آئی ہیں، اپوزیشن کی حکومتی وفد کے مذاکرات کی تفصیلات سامنے آئی ہیں، جمہوری لوگ مذاکرات پر یقین رکھتے ہیں، ہم اس مذاکرات کا حصہ نہیں تھے پر اس سے اختلاف بھی نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی جو رویہ ہے انہوں نے آئندہ مذاکرات کی گنجائش نہیں چھوڑی، اگر کچھ ایسے مذاکرات رکھے جائیں جس میں کچھ آپ مان جائیں کچھ ہم مان جائیں تو بہتری ہوگی، اس حوالے سے ایک تجویز میرے سامنے رکھی گئی ہے، آل پارٹیز کانفرنس رکھنے کا مشورہ سامنے آیا ہے، اس پر ہم بھی اپنی پارٹی سے مشاورت کر لیتے ہیں اور اپوزیشن اتحاد بھی مشاورت کر لے۔ مولانا نے کہا کہ ملک میں مہنگائی، خطے میں امن دامان، کشمیر کا ایشو اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کے حوالے سے بات ہو سکتی ہے، کوئی ایسا ایجنڈا اختیار کیا جائے جس سے ملکی سیاست میں میانہ روی آجائے، جہاں تک لانگ مارچ کا تعلق ہے ہم نے بھی بہت لانگ مارچ کیے ہیں، پی ٹی آئی اگر اسلام آباد آنا چاہتی ہے تو رکاوٹیں نہیں ڈالنی چاہیے یہ ان کا آئینی حق ہے۔ اے پی سی کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کے پاس جا رہے ہیں، ناصر عباس اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ہمارے جو حکومت کے ساتھ مذاکرات ہوئے انُ کی تفصیلات مولانا صاحب سے ڈسکس کی، آل پارٹیز کانفرنس کے لئے ہم مختلف سیاسی جماعتوں کے پاس جا رہے ہیں، ملک میں اس وقت معاشی صورتحال خراب ہے، ہر انسان مہنگائی سے تنگ ہے، سیاسی لوگ جب بیٹھتے ہیں تو وقت دیتے ہیں، ان میں لچک ہوتی ہے، وہ راستہ نکالتے ہیں، آئین ان لوگوں نے بنایا جن میں بہت سے اختلافات تھے، ان کی بات درست ہے، ہم جب جماعت اسلامی سے ملے تو ہم نے انہیں کہا کہ ایجنڈا ہمیں بھیج دیں، جب مل بیٹھنا ہے تو سب کی مشاورت سے ایجنڈا بننا ہے، جب ایجنڈا بنے گا تو پورے ملک کے مسائل رکھے جائیں گے۔ سیاسی مباحثے ہم جو اے پی سی ہم منعقد کریں گے اس میں پوری قوم کی آواز لے کر آگے چلیں گے، سلمان راجا پی ٹی آئی سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ اس ملک میں بنیادی اصولوں پر ہمارا کوئی اختلاف نہیں ہے، ہم نے مذاکرات میں ایک گنجائش نکالنے کی کوشش کی، یہ آخری کوشش نہیں تھی، اور بھی مواقع آئیں گے، ہم نے تمام زخموں پر مرہم رکھنا ہے، جو اے پی سی ہم منعقد کریں گے اس میں پوری قوم کی آواز لے کر آگے چلیں گے، ہماری پوری جماعت ہم متحد کھڑے ہیں، جو جنگ ہم لڑ رہے ہیں وہ حقیقی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 30

دفاعی ٹیکنالوجی میں اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ایونکس اور جدید ترین نیویگیشنل آلات سے لیس فتح-4 کے توسیع شدہ ورژن کا کامیاب تجربہ ملکی دفاعی صنعت کی فنی استعداد اور خود انحصاری کا عکاس ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان کے باصلاحیت سائنس دانوں، انجینئرز اور دفاعی ماہرین نے اپنی محنت، پیشہ ورانہ مہارت اور عزم سے ایک اور اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی ٹیکنالوجی کے شعبے میں خود انحصاری ملکی سلامتی اور قومی دفاع کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کامیاب تجربے پر پاک فوج کے افسران، سائنس دانوں، انجینئرز اور متعلقہ اداروں کے ماہرین کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کی فنی مہارت، لگن اور قومی جذبے کو سراہا

بقیہ نمبر 31

فضائی حدود ایران کے خلاف کسی بھی حملے کے لیے استعمال نہ ہونے دیں، بصورت دیگر تہران کی جانب سے جواب دیا جائے گا۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق یہ انتباہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی تیسری کمیٹی میں ایران کے مستقل مشن کے دوسرے سیکریٹری علی کریمی مقام نے دیا۔ علی کریمی مقام نے بحرین کے نمائندے کی جانب سے انسانی حقوق سے متعلق بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ بحرین نے ان حالات اور واقعات کے پس منظر کو نظر انداز کیا ہے جن کے نتیجے میں موجودہ صورتحال پیدا ہوئی۔ ایرانی سفارت کار نے بحرین کے اس موقف کو بھی مسترد کیا کہ وہ موجودہ صورتحال میں متاثرہ فریق ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بحرین نے ایران کے خلاف مبینہ غیر قانونی امریکی جنگ کے لیے اپنی سرزمین، فوجی اڈے اور فضائی حدود فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ جو ملک اپنے ہمسایہ ملک کے خلاف کسی غیر قانونی جنگ کے لیے اپنی سرزمین اور دیگر سہولیات فراہم کرے، اسے بعد میں اس کے ممکنہ نتائج پر حیرت کا اظہار نہیں کرنا چاہیے۔ علی کریمی مقام نے واضح کیا کہ ایران ان ممالک کو دوبارہ خبردار کر رہا ہے کہ ان کی سرزمین یا فضائی حدود کو ایران کے خلاف حملوں کے لیے استعمال نہ ہونے دیا جائے۔ ان کے مطابق اگر ایسے حملوں کی اجازت دوبارہ دی گئی تو ایران اس کا جواب دے گا۔ ایران کی جانب سے یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب خطے میں ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے باعث خلیجی ممالک کی سلامتی اور ان کے فوجی اڈوں کے ممکنہ استعمال پر بھی تشویش پائی جاتی ہے

بقیہ نمبر 32

سسٹم سے لیس ہے، جو طویل فاصلے تک اہداف کو انتہائی درستی اور مؤثر انداز میں نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ تجربے کے دوران میزائل کے مختلف ذیلی نظاموں کے اضافی تکنیکی پیرامیٹرز کی بھی توثیق کی گئی، جس کا مقصد درستی میں بہتری اور نظام کی بقا کی صلاحیت کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ کامیاب تجربے کا مشاہدہ پاک فوج کے سینئر افسران، سائنس دانوں اور میزائل تیار کرنے والے ادارے کے انجینئرز نے کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، چیف آف ڈیفنس فورسز اور فیلڈ مارشل عاصم منیر اور تینوں سروسز چیفس نے فتح-4 توسیعی ورژن کے کامیاب تجربے پر مبارکباد دی ہے۔ اعلیٰ عسکری قیادت نے اس اہم سنگ میل کے حصول میں کردار ادا کرنے والے سائنس دانوں، انجینئرز اور تمام متعلقہ افراد کی تکنیکی صلاحیت، لگن اور عزم کو سراہا

بقیہ نمبر 33

بنایا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کی نقل وحرکت پر مسلسل نگرانی رکھتے ہوئے ان کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی، سکیورٹی فورسز عزم استحکام وژن کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پرعزم ہیں

بقیہ نمبر 34

دیگر ملزمان کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت 6 نومبر تک ملتوی کردی۔ دوران سماعت سابق وفاقی وزیر اسد عمر اور فواد چوہدری، مسرت چیمہ سمیت دیگر ملزمان عدالت میں پیش ہوئے، عدالت نے اعظم سواتی کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرلی۔ واضح رہے کہ ملزمان کے خلاف 9 مئی کے دوران جناح ہاؤس، عسکری ٹاور اور مسلم لیگ ن کے دفتر کو جلانے سمیت دیگر واقعات سے متعلق مقدمات درج ہیں

بقیہ نمبر 35

پر کنٹینرز پہنچا دیے گئے ہیں۔ ممکنہ صورتحال کے پیش نظر سردریاب پل اور ادیزئی پل سمیت موٹروے کو بھی بند کیے جانے کا امکان ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے اہم گزرگاہوں پر کنٹینرز پہنچانے کا مقصد ممکنہ احتجاج کی صورت میں ٹریفک کی آمد ورفت کو محدود کرنا اور حساس راستوں کو بند کرنا بتایا جا رہا ہے۔ احتجاج کے پیش نظر انتظامیہ نے اہم شاہراہوں پر پیشگی انتظامات شروع کردیے ہیں۔ مختلف مقامات پر کنٹینرز پہنچا دیے گئے ہیں تاکہ ضرورت پڑنے پر راستوں کو بند کیا جاسکے۔ سردریاب اور ادیزئی پل سمیت موٹروے کی بندش کی صورت میں شہریوں کو متبادل راستے اختیار کرنا پڑسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 36

میں کہا گیا ہے کہ مکہ معاہدے پر غیر ملکی خبرایجنسی کی رپورٹس قیاس آرائیوں پر مبنی ہیں۔ وزارت اطلاعات کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کے دفاع پر پاکستان کا عزم واضح اور ناقابل سمجھوتہ ہے

بقیہ نمبر 37

سوشل میڈیا کے ذریعے ایک مبینہ پاکستانی خاتون کے ساتھ حساس معلومات شیئر کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا، اور تفتیش کاروں کو شدید شبہ ہے کہ یہ مکمل طور پر ہنی ٹریپ کا معاملہ ہے۔

بقیہ نمبر 38

خزانہ کی جانب سے جاری کردہ انتباہ میں کہا گیا ہے کہ پابندیوں کی زد میں آنے والے ایرانی مالیاتی اداروں کے ساتھ لین دین کرنے والے غیر ملکی بینکوں کو بغیر پیشگی اطلاع کے کسی بھی وقت پابندیوں کا نشانہ بنایا جاسکتا ہے۔ واشنگٹن نے ایسے اداروں سے فوری طور پر ایران سے متعلق لین دین اور کاروباری تعلقات ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، امریکا نے فروری کے آخر میں ایران کے خلاف جنگ شروع کی تھی، جس کے بعد خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ ایران کی جوابی کارروائیوں نے خلیجی ممالک کو بھی متاثر کیا جبکہ اہم تجارتی راستے میں رکاوٹ کے باعث عالمی توانائی اور کھاد کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا۔ واشنگٹن نے اگست کے آخر سے ایران کو معاشی طور پر تنہا کرنے کی مہم مزید تیز کر دی ہے اور اپنے اتحادیوں کو خبردار کیا ہے کہ ایران کے ساتھ لین دین جاری رکھنے کی صورت میں انہیں ثانوی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے

بقیہ نمبر 39

، مقامی سرمایہ کار فعال ہوں گے تو ملک میں بیرونی سرمایہ کاری آئے گی۔ سرمایہ کاری کے فروغ میں حکومت کا کردار کلیدی ہے، حکومت مالیاتی نظم وضبط اور معاشی استحکام پر توجہ دے رہی ہے، معاشی ترقی کے ساتھ برآمدات میں اضافہ بھی ہماری ترجیح ہے، ایسی معاشی نمو درکار ہے جو ذمہ دارانہ اور پائیدار ہو، عالمی معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشی پالیسی آگے بڑھانا ہوگی۔

بقیہ نمبر 40

میں گیس کی دستیابی، طلب و رسد کی صورتحال اور موسم سرما کے دوران گیس کی فراہمی سے متعلق حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعظم کو گیس لوڈمینجمنٹ کے حوالے سے کیے جانے والے پیشگی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ مقامی گیس کی فراہمی میں گھریلو صارفین کو ترجیح دی جائے گی جبکہ بجلی کی پیداوار اور صنعتوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے آر ایل این جی کو ترجیح حاصل ہوگی۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ گیس لوڈمینجمنٹ کی حکمت عملی پر عمل درآمد کے حوالے سے بھرپور عوامی آگہی مہم چلائی جائے تاکہ صارفین کو گیس کے استعمال میں کفایت شعاری اور متبادل ذرائع توانائی کے فروغ کے حوالے سے آگاہ کیا جاسکے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گھریلو سطح پر مقامی گیس کی جگہ متبادل ذرائع توانائی کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے عوامی آگہی مہم شروع کی جائے گی۔ پانی اور خلائی حرارت کے لیے بجلی سے چلنے والے آلات کے استعمال کے حوالے سے بینک فنانسنگ کی سہولت متعارف کرانے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔

بقیہ نمبر 41

کے مطابق کنگ عبداللہ بن عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور نجران انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو پہنچنے والے نقصان کا جائزہ لیا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 42

بھی کم ہوئی ہے۔ شہروں اور دیہات میں 3 سے 4 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔ دوسری جانب لیسکو ریجن میں شارٹ فال 1500 میگاواٹ سے بھی تجاوز کرگیا ہے۔ لیسکو ذرائع کے مطابق شارٹ فال بڑھنے کی وجہ ڈیزل، گیس اور ہائیڈل پاور میں کمی ہے۔ لیسکو ریجن میں ہر گھنٹے بعد ایک گھنٹہ جبری لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔ ذرائع نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ کئی روز تک بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ فوکل پرسن ینگ انجینئرنگ کونسل عثمان فاروق کا کہنا ہے کہ ملک بھر میں بجلی کا بحران شدت اختیار کرگیا ہے۔ فوکل پرسن کے مطابق سسٹم سے متعدد پاور ہاؤس نکل گئے جن کا 16 اکتوبر تک واپسی کا امکان ہے جس سے بجلی کا شارٹ فال ساڑھے چار ہزار میگاواٹ سے بڑھ گیا اور لیسکو سمیت تمام ڈسکوز میں صورتحال ابتر ہے۔ عثمان فاروق نے بتایا کہ بجلی کے شارٹ فال سے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ 3 سے 4 گھنٹے تک جا پہنچی ہے، گیس کے بعد ڈیزل اور پانی کی جنریشن بھی کم ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو چیف کی ڈیمانڈ پر بھی بجلی کا کوٹا نہ بڑھایا جاسکا ہے، سسٹم اس وقت ابتر صورتحال کا شکار ہے، آئندہ کچھ روز بدترین لوڈ شیڈنگ کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 43

وقت میں سامنے آئی ہے جب قطر انرجی نے پاکستان کو ایل این جی کی فراہمی پر فورس میجور کی مدت 4 نومبر تک بڑھا دی ہے، جبکہ حکام کو خدشہ ہے کہ یہ تعطل موسم سرما کے دوران بھی برقرار رہ سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 44

اکسانے یا ترغیب دینے پر بھی پابندی ہوگی۔ محکمہ داخلہ کے مطابق پابندی کا اطلاق شادی کی تقریبات، نماز جنازہ، تدفین، مساجد اور دیگر عبادت گاہوں پر نہیں ہوگا، عدالتیں، حکومتی ادارے اور باضابطہ اجازت سے ہونے والی تقریبات بھی پابندی سے مستثنیٰ ہوں گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں، انٹیلیجنس ایجنسیوں اور ڈیوٹی پر تعینات سکیورٹی اہلکاروں پر پابندی کا اطلاق نہیں ہوگا، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلیجنس ایجنسیوں سے فوری نوعیت کے خطرات کی اطلاعات موصول ہوئی تھیں، انٹیلیجنس رپورٹس میں دہشتگرد تنظیموں کی جانب سے عوامی اجتماعات کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کا خدشہ ظاہر کیا گیا تھا۔ محکمہ داخلہ کے مطابق عوامی اجتماعات دہشت گرد حملوں کیلئے ممکنہ آسان ہدف بن سکتے ہیں، اسی لیے عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے

بقیہ نمبر 45

تمام پرمٹ ختم کیے جانے کے بعد خیبر پختونخوا کو آٹے کی سپلائی متاثر ہوئی ہے۔ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے مطابق خیبر پختونخوا میں 80 کلو آٹے کی بوری کی قیمت 14 ہزار روپے تک پہنچ گئی ہے جبکہ 20 کلو سپیشل آٹے کا تھیلا 3 ہزار 200 روپے اور فائن آٹے کا تھیلا 3 ہزار 400 روپے میں فروخت ہورہا ہے۔ ڈیلرز کا کہنا ہے کہ قیمتوں میں اضافے سے عام شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور روزمرہ استعمال کی بنیادی ضرورت بھی مہنگی ہوتی جارہی ہے۔ ڈیلرز ایسوسی ایشن کے مطابق ایک جانب خیبر پختونخوا کی آٹا ملوں سے عوام کو مطلوبہ مقدار میں آٹا دستیاب نہیں جبکہ دوسری جانب پنجاب سے آٹے کی ترسیل بھی مشکل بنادی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 46

جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیر مملکت برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی محمد عون چوہدری، وفاقی سیکرٹری ندیم اسلم چوہدری، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار احمد اور مزدور یونین اور ایمپلائرز کی نمائندہ تنظیموں کے عہدیداران بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ تین دہائیوں بعد آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل کا پاکستان کا دورہ خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آئی ایل او کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ پاکستان آئی ایل او کے سہ فریقی نظام اور سماجی مکالمے کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور جنیوا میں آئی ایل او کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آئی ایل او کی گورننگ باڈی میں ڈپٹی ممبر کی حیثیت سے دوبارہ فعال کردار ادا کرنے کا خواہاں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے 2022 کے آئی ایل او انتخابات میں بھی گلبرٹ ایف ہونگبو کی حمایت کی تھی اور اگر آئندہ انتخابات میں حمایت طلب کی گئی تو پاکستان ان کی دوبارہ انتخاب کے لیے حمایت کرے گا۔ انہوں نے گلبرٹ ایف ہونگبو کی قیادت میں آئی ایل او کی اہم کامیابیوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ گلوبل کولیشن فار سوشل جسٹس میں 400 سے زائد شراکت دار شامل ہو چکے ہیں، جبکہ پاکستان روزگار، ہنرمندی اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں اس عالمی اقدام میں فعال کردار ادا کرے گا۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم ورکرز کے حقوق کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کنونشن نمبر 193 اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان کی بڑی فری لانس اور ڈیجیٹل ورک فورس کو مناسب مزدور تحفظ فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ محفوظ، منصفانہ اور باوقار امیگریشن پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ منصفانہ بھرتی، مزدوروں کی نقل مکانی اور کارکنوں کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کے ساتھ تعاون جاری رکھا جائے گا۔ پاکستان روزگار کے فروغ، ہنرمندی اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کے ساتھ تعاون کو مزید بڑھانے کا خواہاں ہے۔ ملاقات کے دوران پاکستانی افرادی قوت کو عالمی معیار کے مطابق ہنرمند بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیت فراہم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ آئی ایل او کی جانب سے پاکستانی افرادی قوت کی مہارتوں میں بہتری اور عالمی روزگار کی منڈی میں پاکستانی ورکرز کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنے میں تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ اس موقع پر آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے کہا کہ آئی ایل او پاکستان کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے آئی ایل او میں ہمیشہ مؤثر اور فعال کردار ادا کیا ہے اور آئی ایل او کے پلیٹ فارم سے کامیاب سفارت کاری اور تعاون کو فروغ دیا ہے۔ گلبرٹ ایف ہونگبو نے پاکستانی ورکرز کے لیے عالمی روزگار کی منڈی میں مواقع بہتر بنانے، مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے مزدور نمائندگان میں مختلف گرانٹس کے چیکس تقسیم کیے۔ اس موقع پر مزدور یونینز کے نمائندگان میں میرج گرانٹ، ڈیتھ گرانٹ اور تعلیمی وظائف کے چیکس بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ نمبر 47

کے حوالے سے وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام پہنچایا ہے۔ لیاقت بلوچ نے جماعت اسلامی کے شعبہ نشر واشاعت کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم نے احسن اقبال جو پٹرولیم لیوی پر حکومتی کمیٹی کے سربراہ ہیں کو کہا ہے کہ حکومتی اور جماعت اسلامی کی کمیٹیاں دونوں رہنماؤں (وزیراعظم شہباز شریف، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن) کے درمیان ملاقات کے لیے مشاورت سے شیڈول طے کرلیں۔ نائب امیر نے کہا کہ ملاقات کے شیڈول کو طے کرنے اور پٹرولیم لیوی کے مسئلہ پر دونوں اطراف کے درمیان جلد مشاورت ہوگی جب کہ وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کے درمیان ملاقات میں لیوی بھتہ کے خاتمے بارے بات چیت ہوگی۔ حافظ نعیم الرحمن، وزیراعظم سے آئی پی پیز معاہدوں اور بجلی کی قیمتوں میں کمی کے امور پر بھی بات چیت کریں گے۔

لیاقت بلوچ نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کا مطالبہ دوٹوک ہے اور امیر جماعت اسلامی نے متعدد بار اس کی وضاحت کی ہے کہ پٹرولیم لیوی ناجائز ٹیکس ہے اور ہم اس کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں۔ جماعت اسلامی پٹرولیم لیوی بھتہ کےخلاف دو مہینے سے مہم چلا رہی ہے۔ پہلے مرحلے پر 510 مقامات پر شاہراہیں بند کی گئیں۔ پانچ ہفتے تک 40 سے زائد مقامات پر دھرنے دیئے گئے۔ تیسرے مرحلے پر سپر لانگ مارچ کراچی سے اسلام آباد کے لئے شروع ہوا۔ وزیراعظم کی درخواست پر اُسے وقفہ دیا گیا ہے۔ امید ہے وزیراعظم امیر جماعت اسلامی کو کرائی گئی یقین دہانی پر عمل کرتے ہوئے بڑے ریلیف پیکج کا اعلان جلد کریں گے

بقیہ نمبر 48

کی کہ قطر سمیت خطے کے دیگر شراکت داروں کے ذریعے امریکا اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ بھی ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس جنگ کی بھاری قیمت پوری دنیا ادا کررہی ہے اس لیے فوری طور پر جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات کی میز پر قابل قبول حل تلاش کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جانی چاہیے۔ خیال رہے کہ تقریباً سات ماہ سے جاری جنگ کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششیں تعطل کا شکار دکھائی دے رہی ہیں۔ اپریل میں جنگ بندی، جون میں مفاہمتی یادداشت اور گزشتہ ماہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ہونے والی سفارتی سرگرمیوں کے باوجود امریکا اور ایران کے درمیان بنیادی اختلافات ختم نہیں ہوسکے۔ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات میں ڈیڈ لاک کی بڑی وجہ آبنائے ہرمز کی صورتحال ہے جو ایک اہم تنازع بنی ہوئی ہے۔ اس آبی گزرگاہ کے ذریعے تیل وگیس کی بڑی مقدار کی دنیا بھر میں ترسیل ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ امریکی جواب موصول ہونے کے بعد بھی ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے گزشتہ روز امریکا کے ساتھ مذاکرات کو بے معنی قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ ماضی میں بات چیت کے باوجود ایران پر 3 حملے ہوئے۔

بقیہ نمبر 49

کی فضائیہ کا اے ٹی آر 42 فوجی طیارہ بینن سٹی سے لاگوس جارہا تھا اور جنوب مغربی ریاست اونڈو میں حادثے کا شکار ہوگیا۔ طیارہ معمول کی پرواز پر تھا تاہم پرواز کے دوران ایئر ٹریفک کنٹرولرز کا طیارے سے رابطہ منقطع ہوگیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ حادثے کے وقت طیارے میں 25 مسافر اور عملے کے 7 ارکان سوار تھے، تاہم حادثے کے نتیجے میں کوئی بھی شخص زندہ نہ بچ سکا۔ نائیجیریا کے صدر نے بھی طیارہ حادثے اور اس میں ہونے والی ہلاکتوں کی تصدیق کردی ہے۔ صدر نے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے اہلخانہ سے تعزیت کی۔ حادثے کی وجوہات فوری طور پر سامنے نہیں آسکیں، جبکہ واقعہ سے متعلق مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر 50

صوبے سے اسکلڈ ورکر کی مستقل آمد پر پابندی اٹھانے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا۔ عمان کے وزیر زراعت و ماہی گیری اور آبی وسائل سعود بن حمود بن احمد الحبسی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔

بقیہ نمبر 51

سے دفعہ 144 نافذ ہے، ضلع میں موبائل فون سروس بھی بند ہے۔ پہلا واقعہ ڈیرہ اسماعیل خان کے تھانہ ڈیرہ ٹاؤن کی حدود مفتی محمود چوک کے قریب پیش آیا جہاں ٹریفک پولیس موبائل کو نشانہ بنایا گیا۔ مقامی پولیس کے مطابق تازہ حملے میں ٹریفک پولیس کے کانسٹیبل ڈرائیور محمد حبیب شہید اور ہیڈ کانسٹیبل سبحان خان شدید زخمی ہوگئے۔ واقعے کے بعد ریسکیو ٹیم نے شہید اور زخمی اہلکار کو ٹراما سنٹر ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس کی بھاری نفری نے جائے وقوعہ کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا تاحال کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی۔ دوسرا واقعہ قریشی موڑ ابھایہ پل کے قریب تھانہ گومل یونیورسٹی کی حدود میں پیش آیا جہاں دہشتگردوں نے کسٹم اہلکاروں پر فائرنگ کردی۔ پولیس ترجمان کے مطابق دہشتگردوں کی فائرنگ سے 4 کسٹم اہلکار شہید ہوگئے۔ حملے کے بعد ملزمان بآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ شہید اہلکاروں کی نعشوں کو سول اسپتال کے ٹراما سنٹر منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرکے مزید تفتیش شروع کردی۔

بقیہ نمبر 52

تیل باہر آرہا ہے، اس لیے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ آبنائے ہرمز کو قرار نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ روس میں پیٹرول اور ڈیزل کی ریفائنریز یوکرینی حملوں میں تباہ کی جارہی ہیں، جس سے عالمی ایندھن کی سپلائی متاثر ہو رہی ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ڈیموکریٹس کی پالیسیوں کے تحت امریکا کی مختلف ریاستوں میں بھی ریفائنریز بند کی جارہی ہیں، جس کے نتیجے میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ اس سے قبل ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے مشیر علی اکبر ولایتی نے متحدہ عرب امارات کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا تھا کہ واشنگٹن اور تل ابیب پر سکیورٹی کے لیے انحصار کرنے والے ممالک بالآخر اپنی داخلی اور خارجہ پالیسی میں مشکلات اور بے یقینی کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 53

تنقید کے زیر اثر آتے ہیں۔ مذاکرات کے پہلے دن حکومت کی جانب سے وزیر داخلہ نے خیبرپختونخوا میں دہشت گردی کا معاملہ اٹھایا تھا۔ پہلے دن اس معاملے پر اتفاق ہوا اور دہشت گردی سے متعلق نکات پر بات ہوئی۔ مذاکرات میں شامل کچھ لوگوں نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سے جاکر بات کی اور اگلے روز ٹیم واپس آئی

بقیہ نمبر 54

دیگر مطالبات کی منظوری کے لیے خیبر پختونخوا کے ینگ ڈاکٹرز نے مختلف ہسپتالوں میں احتجاج شروع کردیا جبکہ او پی ڈیز سے بائیکاٹ کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ نمبر 55

آئی ایم ایف مشن کے ساتھ وزارت پٹرولیم اور پاور ڈویژن کے مذاکرات میں فنڈ نے صوبوں کی رضا مندی سے شوگر سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 56

والے مزدور کی لاش ان کے آبائی علاقے رحیم یار خان بھجوادی گئی۔

بقیہ نمبر 57

خلاف حامد خان گروپ کے صدارتی امیدوار سردار امان خان کے اعتراضات مسترد کردیے۔ سردار امان نے مبینہ جعلی ڈگری پر سید امجد شاہ کی اہلیت چیلنج کی تھی۔ چیئرمین الیکشن کمیٹی سید ذوالفقار عباس نقوی نے امجد شاہ کے خلاف درخواست پر فیصلہ دیا۔ واضح رہے کہ ملک بھر میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 29 اکتوبر منعقد ہوں گے۔

سابق ڈی جی ایف آئی اے عمار جعفری، کرنل (ر) راجہ اشرف، پرنسپل ریٹائرڈ راجہ اعظم منہاس۔ راجہ منیر عمر ریاض اور دیگر اہم شخصیات کی چیئرمین عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

نورین، جویریہ اور عبداللہ ارشاد عوامی قوت پارٹی میں شامل

انجیلینا عارف کو مینارٹی ونگ راولپنڈی ڈویژن کا صدر بنا دیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ماہر تعلیم نورین ارشاد۔ جویریہ ارشاد اور عبداللہ ارشاد پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شامل ہو گئے جبکہ میڈم انجیلینا عارف کو پاکستان عوامی قوت پارٹی مینارٹی ونگ راولپنڈی ڈویژن کا صدر بنا دیا گیا۔ اس ضمن میں ایک تقریب ہوئی جس کے مہمان خصوصی پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ تھے۔ ان سے سابق ڈی جی ایف آئی اے عمار جعفری۔ کرنل ریٹائرڈ راجہ اشرف خان۔ پرنسپل ریٹائرڈ راجہ اعظم منہاس۔ عمر ریاض۔ راجہ مجید ۔راجہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 1)

موٹرسائیکلوں میں تصادم، 3 نوجوان زخمی، ایک کی حالت تشویشناک

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) شاہراہِ ریشم روڈ پر دو موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم، تین نوجوان زخمی، ایک کی حالت تشویشناک، تفصیلات کے مطابق شاہراہِ ریشم روڈ پر حسین سی این جی کے قریب دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں تین نوجوان طیب عظیم اور (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 2)

مانسر شریف، حضرت کلو بابا سرکارؒ کے عرس پر گورنر کے پی فیصل کنڈی، وفاقی وزیر حنیف عباسی، دانیال چوہدری و دیگر دربار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ٹیکسلا ٹک ٹاکر حسینہ نے پولیس چوکی میں فائر کھول دیا اہلکار زخمی

تلخ کلامی کے دوران خاتون نے قتل کرنے کی کوشش کی، گولی جیب کے کچھ نیچے بٹوے کے آر پار ہوگئی، کانسٹیبل کی شکایت

مبینہ حملہ آور خاتون بجلی کی بندش کے باعث چھائے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئیں، ایف آئی آر کا متن

ٹیکسلا (بیورو رپورٹ) ٹیکسلا میں پولیس کی جانب سے درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق ایک مسلح خاتون برہان پولیس اسٹیشن میں داخل ہوئیں اور مبینہ طور پر ڈیوٹی پر موجود ہیڈ کانسٹیبل پر فائرنگ کر دی۔ پولیس اسٹیشن کے محرر اور ہیڈ کانسٹیبل حسیب الحسن نے اپنی شکایت میں مذکورہ خاتون (جو کہ ایک ٹک ٹاکر ہیں) پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے تلخ کلامی کے دوران انہیں قتل کرنے کی کوشش کی۔ ایف آئی آر کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 3)

حضرت کلو بابا سرکارؒ کے تین روزہ عرس کی تقریبات جاری

فیصل کنڈی، حنیف عباسی، دانیال چوہدری نے پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

مانسر شریف (نمائندہ خصوصی) حضرت کلو بابا سرکارؒ کے تین روزہ عرس کی تقریبات مانسر شریف، ضلع اٹک میں عقیدت و احترام کے ساتھ جاری ہیں۔ عرس کی تقریبات کے دوسرے روز بھی ملک بھر سے آنے والے زائرین اور عقیدت مندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مزار شریف پر حاضری دے کر فاتحہ خوانی کی۔ عرس کے پہلے روز گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی، وزیر مملکت دانیال چوہدری، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 13)

بجلی بحران شدت اختیار کر گیا اسلام آباد میں گھنٹوں غیر علانیہ لوڈشیڈنگ عوام سراپا احتجاج

اسلام آباد سمیت کئی شہروں میں لوڈشیڈنگ 26، 26 گھنٹے کام کے دعوے، مگر بجلی بحران بے قابو، عوام کا پارہ ہائی

بنیادی ضروریات عوام سے دور گیس، بجلی، پانی اور ڈیزل بڑھتی قیمتوں نے بھی شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی

دارالحکومت بھی محفوظ نہ رہا، ترلائی کلاں، علی پور، بھارہ کہو، کورال، سوہان، شہزاد ٹاؤن، کھنہ، غوری ٹاؤن سمیت گردونواح کے شہری عذاب میں مبتلا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) ملک بھر میں ایک بار پھر بجلی کا بحران شدت اختیار کر گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق متعدد پاور پلانٹس سسٹم سے باہر ہونے، گیس، ڈیزل اور پانی سے بجلی کی پیداوار میں کمی اور ترسیلی نظام پر بڑھتے دباؤ کے باعث بجلی کا شارٹ فال ساڑھے چار ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا ہے، جس کے نتیجے میں اسلام آباد سمیت پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ تیز ہو گیا ہے۔ وفاقی دارالحکومت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 20)

امریکا کا 130 تجارتی جہاز موڑنے اور 13 تباہ کرنے کا دعوی

واشنگٹن (آئی این پی) ایران کے خلاف جاری امریکی بحری ناکہ بندی کے دوران امریکی افواج نے مشرقِ وسطیٰ میں 130 تجارتی جہازوں کا رخ موڑنے کا دعوی کیا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے بیان کے مطابق کارروائی کا مقصد ان جہازوں کی نقل و حرکت روکنا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 4)

امریکا کی اتحادی ممالک کو فوجی ساز و سامان کے فروخت کی منظوری

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا نے مشرق وسطی کے تین ممالک کو مجموعی طور پر 2۔27 ارب ڈالر کے فوجی ساز وسامان اور دفاعی خدمات کی ممکنہ فروخت کی منظوری دے دی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق منظوری کے تحت متحدہ عرب امارات کو 1۔04 ارب ڈالر کے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 5)

امریکی بحریہ کا ہیلی کاپٹر ہنگامی حالت کے اعلان کے بعد پراسرار طور پر غائب

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی بحریہ کا ہیلی کاپٹر سعودی عرب کے قریب بحیرہ احمر میں ہنگامی حالت کے اعلان کے بعد اچانک غائب ہو گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ روز امریکی بحریہ کا ہیلی کاپٹر بحیرہ احمر کے اوپر پرواز کے دوران ہنگامی حالت کے اعلان (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 8)

انچارج پیرافورس اعظم شائیگان سے ظفر اقبال ظفر کی ملاقات

علمی، ادبی، فکری، اصلاحی پہلوؤں پر انسانیت پاکستانیت کی خدمت کے جذبے کو اُجاگر کیا



لاہور (پ ر) انٹرنیشنل کالم نگار ظفر اقبال ظفر کی اپنے شہر رائیونڈ کے انچارج پیرافورس جناب اعظم شائیگان صاحب سے نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں انتہائی قابل اہمیت پہلو اجاگر کیے گئے پراثر انداز میں ہونے والی گفتگو میں علمی ادبی علاقائی ملکی موضوعات پر سبق آموز پہلوؤں کو اصلاحی تناظر میں پیش کیا گیا۔ اعظم شائیگان صاحب نے انٹرنیشنل کالم نگار ظفر اقبال ظفر (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 6)

ہوٹلز ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری

تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کرنے چاہئیں، مقررین

راولپنڈی (نامہ نگار) ایسوسی ایشن راولپنڈی کی نومنتخب عہدیداران کی تقریبِ حلف برداری منعقد ہوئی، جس کے مہمانِ خصوصی مرکزی انجمن تاجران پنجاب کے صدر ملک شاہد غفور پراچہ تھے۔ تقریب میں سال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر رانا خرم، (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 14)

گوجر خان، گرفتاری کیلئے آئی پولیس ٹیم پر حملہ، ملزمان پر مقدمہ

کانسٹیبل کی وردی پھاڑنے اور سب انسپکٹر سے وائرلیس چھینا گیا

ملزمان پر نوجوان سے بدفعلی کا اور سامان چھیننا کا الزام تھا جس پر کارروائی کی گئی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجر خان تھانہ جاتلی پولیس نے سنگین نوعیت کے مقدمے میں مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے کنیال بجرانہ میں کارروائی کی، جہاں ایف آئی آر متن کے مطابق ملزمان اور ان کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر مبینہ طور پر فائرنگ کرتے ہوئے کلہاڑیوں سے حملہ کر دیا۔ فائرنگ کے دوران پولیس اہلکار محفوظ رہے، تاہم مبینہ مزاحمت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 15)

تاجروں کا کل آبپارہ میں احتجاجی مظاہرے کا اعلان

مطالبات پورے نہ ہوئے تو وزیراعظم ہاؤس کی طرف مارچ کرینگے، اجمل بلوچ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان انجمن تاجران کے رہنما اجمل بلوچ نے مہنگی بجلی، ٹیکسز اور انتظامی اقدامات پر شدید تنقید کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ جمعرات کو آبپارہ چوک میں احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا اور سہ پہر 3 بجے سے شام 5 بجے تک دکانیں بند رکھی جائیں گی، مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے شٹر ڈاؤن ہڑتال بھی کی جائے گی، انہوں نے ایف بی آر کے نظام پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تاجروں کو دفاتر کے چکر لگانے، نوٹسز اور مبینہ ہراسانی سے نجات دلائی جائے، ملک میں کوئی مناسب منصوبہ بندی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، صدر آل پاکستان انجمن تاجران اجمل بلوچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لنڈی کوتل میں طوفانی بارش سے سیلابی صورتحال، پاک افغان شاہراہ بند

لنڈی کوتل (صباح نیوز) ضلع خیبر کی تحصیل لنڈی کوتل میں طوفانی بارش نے سیلابی صورتحال پیدا کر دی۔ ضلع خیبر کی تینوں تحصیلوں میں مختلف مقامات پر سیلابی ریلے پھوٹ پڑے اور ندی نالوں میں طغیانی دیکھی جانے لگی جس سے اہالیان علاقہ ایک بار پھر پریشانی کا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 22)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ

واشنگٹن (آئی این پی) مشرق وسطیٰ سے مضبوط برآمدات کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں کمی ہوگئی۔ امریکی خام تیل 1 فیصد کمی سے 88۔45 ڈالر فی بیرل تک گر گیا جبکہ لندن برینٹ آئل 70۔ فیصد کمی سے 100 ڈالر فی بیرل سے نیچے آگیا ہے۔ لندن برینٹ آئل 99 ڈالر 50 سینٹس فی بیرل پر (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 23)

انڈونیشیا کے قونصل جنرل کا میڈی کیم گروپ کا دورہ

دواسازی، طبی مصنوعات، برآمدات کے فروغ کے مواقع پر توجہ مرکوز کی گئی

کراچی (پ ر) میڈی کیم گروپ آف کمپنیز (Medicam Group of Companies) نے انڈونیشیا کے قونصل جنرل محترم جناب مذکر کے اعزاز میں ایک ظہرانے کا اہتمام کیا، ان کے ہمراہ ڈاکٹر احمد صوفیان، قونصل برائے اقتصادی امور، قونصلیٹ جنرل آف انڈونیشیا، اور جناب علی نور احمد بھی موجود تھے۔ ظہرانے کی میزبانی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 7)

انڈونیشین قونصل جنرل کا میڈی کیم گروپ دورہ کے موقع پر چی اواو خرم خلیل نینی تال والا و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

تابش جٹ کی شاپنگ بیگ معاملے پر تاجروں کی گرفتاریوں کی مذمت

بغیر کسی مشاورت کے اس طرح کی کارروائی سے اجتناب کیا جائے، بیان

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر ممبر تابش محبوب جٹ نے شاپنگ بیگ کے معاملے پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تاجروں کی گرفتاریوں کی پرزور مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں اس قسم کی کسی بھی کارروائی سے قبل تاجر نمائندوں اور جو یونینز ہیں ان کو اعتماد میں لیا جائے، بغیر کسی مشاورت کے اس طرح کی کارروائی سے اجتناب کیا جائے۔ انتظامیہ کو چاہیے کہ کاروباری برادری کے ساتھ مشاورت اور اعتماد کا ماحول پیدا کرے۔ تابش محبوب (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 16)

مانسہرہ، چکیاہ میں 18 سالہ لڑکی اور 28 سالہ لڑکے کو قتل کر دیا گیا

پولیس نے رپورٹ درج کر کے تفتیش شروع کر دی، ملزمان کی تلاش جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ، چکیاہ میں 18 سالہ لڑکی اور 28 سالہ لڑکے کو قتل کر دیا گیا، افسوسناک واقعہ تھانہ صدر کی حدود چکیاہ گاؤں میں پیش آیا، پولیس نے رپورٹ درج کر کے تفتیش شروع کر دی، ملزمان کی تلاش جاری، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کے قریب تھانہ صدر کی حدود چکیاہ گاؤں میں 28 سالہ شادی شدہ نوجوان گلنواز ولد گوہر رحمان اور 18 سالہ نوجوان لڑکی مسمات (س) کو مبینہ طور پر فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا اس حوالے پولیس (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی، سری لنکن کرکٹ ٹیم کے پریکٹس سیشن کے باعث سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں

پی ٹی آئی کے ساتھ دوبارہ مذاکرات ہو سکتے ہیں رانا ثنا

وفاقی پالیسی پر عمل صوبائی حکومت کی آئینی ذمہ داری، قیادت کا فیصلہ ہے دہشتگردی کیخلاف جنگ کو حتمی نتیجے تک پہنچایا جائے

دہشتگردی کے واقعات میں ملوث لوگ افغانستان سے ٹریننگ لے کر آتے ہیں وہیں سے کنٹرول ہوتے ہیں، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ تحریک انصاف کے ساتھ دوبارہ مذاکرات ہو سکتے ہیں، دہشت گردی کے واقعات میں ملوث لوگ افغانستان سے ٹریننگ لے کر آتے ہیں وہیں سے کنٹرول ہوتے ہیں، دہشت گردوں کے ٹریننگ کیمپ میں اسرائیلی بھی آ کر ان کو ٹیکنالوجی کی ٹریننگ دے رہے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 25)

مری، ڈینگی بارے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اجلاس

چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ نے انسدادی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اظہر محمود عباسی نے شرکاء کو ضلع میں ڈینگی کی موجودہ صورتحال اور انسدادی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کامران صغیر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز عمر وقار، ڈسٹرکٹ آفیسر 1122 انجینئر کامران رشید، اسسٹنٹ کمشنر مری و کوٹلی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 26)

عالمی عدالت، افغان طالبان رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری

طالبان کے مزید سینئر ارکان کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی درخواستیں متوقع

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی فوجداری عدالت نے افغان طالبان سپریم لیڈر ملا ہیبت اللہ اخونزادہ، چیف جسٹس عبدالحکیم حقانی طالبان رہنما حبیب اللہ آغا اور ندا محمد ندیم کے وارنٹ گرفتاری جاری کیے ہیں۔ چاروں وارنٹس جولائی سے ستمبر 2025ء کے دوران (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 27)

پاک چائنا فرینڈشپ گیمز 2026 راولپنڈی ڈویژن کا اعزاز

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے پاک چائنا فرینڈشپ گیمز 2026 میں راولپنڈی ڈویژن سے شرکت کرنے والی ٹیم کے کھلاڑیوں نے مختلف کھیلوں میں شاندار کارکردگی پر خوشی کا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 28)

وائس چانسلر بارانی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان امریکہ کے ڈاکٹر ڈینیئل سعود کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

امریکی یونیورسٹی کے ڈاکٹر ڈینیئل سعود کا بارانی زرعی یونیورسٹی کا دورہ

دونوں جامعات کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) ساؤتھ ڈکوٹا اسٹیٹ یونیورسٹی، بروکنگز، امریکا کے ڈاکٹر ڈینیئل سعود نے پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کا دورہ کیا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں جامعات کے درمیان تعلیمی و تحقیقی تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے یونیورسٹی کے مختلف تعلیمی پروگرامز، تحقیقی صلاحیتوں اور بین الاقوامی روابط پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے زراعت اور ماحولیات کو درپیش چیلنجز کے حل کے لیے جدت اور ٹیکنالوجی پر مبنی تحقیق (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 17)

پریزیڈنٹ ٹرافی پانچویں راؤنڈ کا پہلا دن بارش سے متاثر رہا

پی ٹی وی کے کاشف علی نے 30 رنز کے عوض تین وکٹیں حاصل کیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے پانچویں راؤنڈ کا پہلا دن بارش سے متاثر رہا ملک کے چار مختلف مقامات پر جاری میچز میں سے تین مقابلے تاخیر سے شروع ہوئے جبکہ پشاور میں کے آر ایل اور اسٹیٹ بینک کا میچ بارش کے باعث شروع نہ ہو سکا ایبٹ آباد میں غنی کرکٹ ٹیم نے 67 رنز پر سات وکٹیں گنوا دیں پی ٹی وی کے کاشف علی نے 30 رنز کے عوض تین (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 18)

پاکستان کیلئے SCO کی صدارت وژن کو عمل میں بدلنے کا موقع ہے سردار مسعود

ڈیجیٹل تجارت، ٹرانزٹ کوریڈورز، انفراسٹرکچر کی ترقی، مصنوعی ذہانت پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے پاکستان کے لئے 2027 میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی صدارت یوریشیا میں رابطہ کاری، جدت، اقتصادی تعاون اور (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 9)

دہشت گردی کے مسئلے پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، اسد عمر

ہر مسئلہ کیل نہیں ہوتا اور ہر مسئلے کا حل ہتھوڑا نہیں ہوتا، سابق وفاقی وزیر

لاہور (صباح نیوز) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ دہشت گردی ایسا مسئلہ ہے جس پر سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ برس کے پی حکومت نے تمام جماعتوں پر مشتمل جرگہ بلایا تھا، جرگے کے اعلامیے کی بنیاد پر مسئلے کو حل کریں۔ اسد عمر نے کہا کہ ہر مسئلہ کیل نہیں ہوتا اور ہر مسئلے کا حل ہتھوڑا نہیں ہوتا۔ خیال رہے کہ سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا تھا کہ حکومت نے پی ٹی آئی کو دیوار کے ساتھ لگا دیا ہے۔

آفات سے آگاہی کا ہفتہ''، بھمبر میں آگاہی و تربیتی سرگرمیاں جاری

بھمبر (نمائندہ خصوصی) یکم تا آٹھ اکتوبر ''آفات سے آگاہی کا ہفتہ''، ضلع بھمبر میں آگاہی و تربیتی سرگرمیاں جاری، محفوظ اور باہمت معاشرے کی تشکیل کے لیے طلبہ، اساتذہ اور عوام کو آفات سے نمٹنے کے حوالے سے تربیت دی جا رہی ہے، ڈائریکٹر جنرل ایس ڈی ایم اے اور ڈپٹی کمشنر بھمبر کی ہدایات پر ضلع (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 11)

نسٹ یونیورسٹی وفد کا ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی آفس کا دورہ

سینئر مینیجر آپریشنز نے وفد کو ایجنسی کے ورکنگ سسٹم، سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) نسٹ یونیورسٹی کے شعبہ انوائرنمنٹل سائنسز کے طلبا کے وفد نے ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی ہیڈ آفس کا مطالعاتی دورہ کیا، جہاں مرکزی کنٹرول روم میں سینئر مینیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال نے وفد کو ایجنسی کے ورکنگ سسٹم، مانیٹرنگ، صفائی آپریشنز، سموگ کے تدارک، انٹی لٹرنگ کارروائیوں اور عوامی آگاہی سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی اور طلبا کے سوالات کے جوابات دیے۔ ایم ڈی رانا ساجد صفدر کی ہدایات پر انٹی لٹرنگ سکواڈ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 10)

ہری پور میں آسمانی بجلی گرنے سے 22 سالہ نوجوان جاں بحق

ہری پور (صباح نیوز) ضلع ہری پور میں تربیلا روڈ لارنسپور کے مقام پر آسمانی بجلی گرنے سے 22 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ افسوسناک واقعہ تحصیل حضرو کے علاقے لارنسپور تربیلا روڈ پر پیش آیا۔ 1122 کے مطابق نوید (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 12)

مذاکرات اور مفاہمت ہی واحد راستہ!

سیاسی، معاشی صورتحال کا تقاضا ہے فریقین ضد، چھوڑیں مذاکرات شروع کریں

سیاسی بحران کی سنگینی کا ادراک کرنے میں جماعتیں اور سیاسی قیادت ناکام کیوں



رخت سفر

بشارت کھوکھر

حکومت اور اپوزیشن کے مابین مذاکراتی کوششیں اور پھر ان کا اچانک ڈیڈ لاک کا شکار ہو جانا اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ سیاسی قیادت ابھی تک سیاسی بحران کی سنگینی کا ادراک کرنے میں ناکام رہی ہے۔ اس وقت عالمی جغرافیائی و سیاسی حالات اور معاشی صورتحال کا یہ تقاضا ہے کہ فریقین اپنی ضد، انا اور ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر مذاکرات کا سلسلہ وہیں سے دوبارہ شروع کریں جہاں سے یہ ٹوٹا تھا۔ ملک کا مفاد سڑکوں کی سیاست، مار دھاڑ جلاؤ گھیراؤ اور دھمکی آمیز بیانات میں نہیں بلکہ بات چیت، مفاہمت اور تحمل و بردباری میں ہے۔ تنے ہوئے رسے پر چلتی ہماری معیشت اس وقت کسی تصادم، احتجاج یا جلاؤ گھیراؤ کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ پاکستان کے عوام گزشتہ کئی برس سے جس سیاسی تلخی کا خمیازہ بھگت رہے ہیں اس کا سیدھا اثر ملکی معیشت اور سیاسی نظام پر پڑا ہے۔ سرمایہ کار ملک سے جا رہے ہیں۔ مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے اور انتظامی مسائل کا انبار ہر گزرتے دن کیساتھ بڑھتا جا رہا ہے۔ کوئی بھی غیر ملکی سرمایہ کار یا عالمی ادارہ اس ملک میں سرمایہ لگانے کو تیار نہیں ہوتا جہاں ہر دوسرے مہینے شٹر ڈاؤن اور ملک بند کرنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہوں۔ یہی وجہ ہے جب سے ملک میں سیاسی عدم استحکام نے مستقل ڈیرے ڈالے ہیں معاشی مسائل بھی سنگین ہو گئے ہیں۔ اس صورتحال سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ملک کے پچیس کروڑ عوام حالات سے سخت مایوس اور سیاسی قیادت سے یہ سوال پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ آخر کب تک ملکی مفاد کو ذاتی اناؤں پر قربان کیا جاتا رہے گا؟ اب وقت آگیا ہے کہ ہم اپنی روش کو تبدیل کریں۔ ہماری سیاسی قیادت کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ سیاست میں ضد انا اور جمود مسائل تو پیدا کر سکتے ہیں لیکن مسائل کا حل نہیں دے سکتے۔ کار سیاست لچک، تدبر، ف※م و فراست اور دور اندیشی کا نام ہے جہاں ملک و قوم کی خاطر انا کو تیاگا اور ذاتی و گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر سوچنا پڑتا ہے۔ مسائل خواہ کتنے ہی گمبھیر اور سنگین کیوں نہ ہوں ان کا پائیدار اور دیرپا حل صرف بات چیت کی میز پر ہی نکل سکتا ہے۔ اس وقت سیاسی مسائل۔ بیان بازی اور انا پرستی ہے حالانکہ سیاست مفاہمت میں بڑی رکاوٹ سیاسی قیادت کی تند و تیز بیان بازی حرف آخر نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی مخاصمت ہوتی ہے۔ حکومت ہو یا اپوزیشن دونوں کو سمجھنا ہوگا کہ ایک دوسرے کو دیوار سے لگانے کی پالیسی کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی لہذا بہتر ہوگا کہ ایک دوسرے کے وجود کو تسلیم کرتے ہوئے آگے بڑھا جا※۔ اس سے پہلے دانے دو سال قبل فریقین میں مذاکرات کا آغاز۔ قبل ازیں پونے دو سال ہو گیا تھا اور پوری قوم بریک تھرو کے حوالے سے پرامید تھی مگر بدقسمتی سے بعض اختلافی نکات نے اس عمل کو سبوتاژ کر دیا۔ مذاکرات کی میز پر بیٹھنے کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ آپ تمام مطالبات منوا کر ہی اٹھیں گے بلکہ اس کا مطلب کچھ لو اور کچھ دو کے اصول پر عمل کرنا ہوتا ہے۔ اگر فریقین ضد پکڑ لیں اور اپنے اپنے موقف پر ڈٹ جائیں تو مذاکرات کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ اس وقت نہ صرف حکومت اور پی ٹی آئی بلکہ حکومت کی اتحادی اور اپوزیشن کی دیگر جماعتوں کو بھی آگے آنا چاہیے تاکہ ایک گرینڈ نیشنل ڈائیلاگ کا آغاز ہو سکے کہ یہی ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کا واحد راستہ ہے۔ دونوں فریقوں کو ایک دوسرے کے جائز تحفظات کو سننا اور ان کا احترام کرنا ہوگا۔ فریقین کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر تلخ بیانات کا تبادلہ بند کریں، پس پردہ رابطوں کو باقاعدہ مذاکرات کی شکل دیں اور ملک کو اس غیر یقینی صورتحال سے باہر نکالیں۔ عوام اب جلاؤ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 19)

ALIÈRO
FREGNANCES
PRESENTS
ہاں جی!!! Hostel City والو تیار ہو؟
قوالی نائٹ پر جھومنے، گانے اور بھنگڑا ڈالنے کا وقت آ گیا!
GRAND Opening
Qawali Night
7 OCT 2026
6:00 PM
Hostel City
RENOWNED QAWWAL SINGERS
Live Qawali Performance
Hostel City کے پیارے پیارے لڑکو اور لڑکیو...
بس اب انتظار....!؟
تیار رہنا... ALIÈRO FREGNANCES آ رہے، آپ سب کے لیے کچھ خاص لے کر!

MS
Safwan
Marquee & Event Lawn
سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان
کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں
آپکے دلوں کی دھڑکن آپکی خدمت میں پیش پیش
کارپوریٹ
کانفرنس/سیمینار
فیشن شو/گالہ ایونٹس
میرج ایونٹ
سالگرہ پارٹی
میوزیکل پروگرام
مہندی فنکشن
اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج پر بکنگ جاری ہے
ایڈوانس بکنگ جاری ہے
پارک روڈ بالمقابل ہاسٹل سٹی نزل کنگ حماد یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر: 03320491234 , 03310491234 , 051-2321105-7

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

SPS

شاہین پرنٹرز

جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ

ارجنٹ اینڈ ہول سیل

پینافلیکس ڈیجیٹل

اوریجنل اِنک دیرپا رزلٹس

ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزیٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد

0333-5108083

0315-5108083